

Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | پیر، 03 جولائی 2023ء، 14 ذوالحجہ 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 72

صحت کارڈ کا غلط استعمال کیا جا رہا تھا، صحت کارڈ سے لوگوں نے اتنے اسٹنٹ ڈلوائے کہ ملک میں اسٹنٹ ہی ختم ہو گئے اور بلا ضرورت اسٹنٹ ڈالے گئے، ڈاکٹر جاوید اکرم

8 ہزار بل دینے اور بیرون ملک سفر کرنے والا مفت علاج کا اہل نہیں ہوگا، پنجاب حکومت

صرف سرکاری ہسپتالوں میں دل کا علاج مفت کیا جائے گا، جبکہ نجی ہسپتال میں علاج پر 30 فیصد ادائیگی کرنا ہوگی، نگران حکومت نے فیصلہ کیا ہے صحت کارڈ پر صرف پاکستان کا جھنڈا ہوگا

نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ ہیلتھ کارڈ اچھا اقدام ہے اسے ختم نہیں کریں گے، خبریں سامنے آئیں کہ حکومت نے صحت کارڈ پر دل کا علاج بند کر دیا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا ہے کہ 8 ہزار بجلی کا بل ادا کرنے اور بیرون ملک سفر کرنے والا صحت کارڈ پر دل کا مفت علاج کرانے کا اہل نہیں ہوگا۔ لاہور میں نگران وزیر اطلاعات عامر میر کے ساتھ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر جاوید اکرم نے کہا ہے کہ صحت کارڈ کا غلط استعمال کیا جا رہا تھا، صحت کارڈ سے لوگوں نے اتنے اسٹنٹ ڈلوائے کہ ملک میں اسٹنٹ ہی ختم ہو گئے اور بلا ضرورت اسٹنٹ ڈالے گئے، ماضی میں صحت کارڈ کا بے پناہ غلط استعمال کیا گیا مگر اب ایسا نہیں ہوگا، اس کیلئے ڈیڑھ ارب روپے سے فنڈ قائم کر دیا گیا ہے۔ نگران وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے مزید کہا ہے کہ اب 8 ہزار بجلی کا بل ادا کرنے اور بیرون ملک سفر کرنے والا صحت کارڈ پر دل کا مفت علاج کرانے کا اہل نہیں ہوگا اور صرف سرکاری ہسپتالوں میں دل کا علاج مفت کیا جائے گا، جبکہ نجی ہسپتال میں علاج پر 30 فیصد ادائیگی کرنا ہوگی، نگران حکومت نے فیصلہ کیا ہے صحت کارڈ پر صرف پاکستان کا جھنڈا ہوگا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیر اطلاعات عامر میر نے کہا کہ ہیلتھ کارڈ اچھا اقدام ہے اسے ختم نہیں کریں گے، خبریں سامنے آئیں کہ حکومت نے صحت کارڈ پر دل کا علاج بند کر دیا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے، گزشتہ دور حکومت میں صحت کارڈ کے نام پر مافیا بن گیا تھا۔ عامر میر نے کہا کہ صحت کارڈ کی وجہ سے لوگ ارب پتی ہو گئے، صحت سہولت کارڈ کا اجر (بقیہ نمبر 1)

کسی کو مفت حج نہیں کرنے دیا، خود بھی اپنے خرچے پر حج کر کے آیا ہوں، طلحہ محمود

جمرات کے اندر اس دفعہ کوئی حادثہ پیش نہیں آیا، حاجیوں نے خوشی اور اطمینان کا مظاہرہ کیا ہے، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود نے کہا ہے کہ ایک لاکھ 60 ہزار لوگوں نے فریضہ حج ادا کیا، حج کرنے والوں کو حکومت کی جانب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے طلحہ محمود نے کہا ہے کہ جمرات کے (بقیہ نمبر 4)

افغان طلبا کیلئے بھارت کی مسلم دشمن پالیسیاں پہلے سے جاری، تمام ویزے منسوخ

ہندوستانی یونیورسٹیوں میں 2500 سے زیادہ افغان طلبا ویزا مسائل کی وجہ سے افغانستان میں ہی پھنس گئے ہیں، رپورٹ

کابل (نیوز ڈیسک) افغانستان کے طلبا کیلئے بھارت کی مسلم دشمن پالیسیاں بے نقاب، بھارتی حکومت نے افغان شہریوں کو پہلے سے جاری کیے گئے تمام ویزے منسوخ کر دیئے۔ مودی کے بھارت میں اب مسلمانوں کا مستقبل تاریک سے تاریک تر ہوتا جا (بقیہ نمبر 3)

قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعے پر سویڈن حکومت کا موقف سامنے آ گیا

پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ سویڈش حکومت اسلاموفوبیا پر مبنی اس عمل کو سختی سے مسترد کرتی ہے، پاکستان میں سویڈن کے سفارت خانہ

سٹاک ہوم (نیوز ڈیسک) سویڈن نے قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعے کو انفرادی قرار دے کر مسترد کر دیا۔ پاکستان میں سویڈن کے سفارت خانے کی جانب سے حکومتی بیان سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر پوسٹ کیا گیا ہے، پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ سویڈش (بقیہ نمبر 2)

واضح رہے کہ چند روز قبل سٹاک ہوم کی بڑی مسجد کے سامنے عراق سے تعلق رکھنے والے 37 سالہ پناہ گزین سلوان مومیکا نے قرآن کی بے حرمتی کی تھی

او آئی سی اجلاس: اسلامی مقدسات کی بے حرمتی روکنے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

اسلامی تعاون تنظیم او آئی سی، نے سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کیخلاف کہا کہ بار بار ہونے والے ایسے واقعات کے خلاف سخت ترین اقدامات کرنے کی ضرورت ہے

سویڈن میں قرآن کو نذر آتش کرنے پر یہ اعلان اتوار کو او آئی سی کے ہنگامی اجلاس میں کیا گیا، اجلاس جدہ میں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے ہیڈ کوارٹر میں سعودی دعوت پر منعقد ہوا

او آئی سی نے تمام ممالک پر عائد ذمہ داری کا اعادہ کیا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت نسل، جنس، زبان یا مذہب کی تفریق کے بغیر انسانی اور بنیادی حقوق کا احترام اور ان کی پابندی کا فروغ تمام ریاستوں پر فرض ہے

جدہ (نیوز ڈیسک) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) نے سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کیخلاف کہا کہ بار بار ہونے والے ایسے واقعات کے خلاف سخت ترین اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق سویڈن میں قرآن کو نذر آتش کرنے پر یہ اعلان اتوار کو او آئی سی کے ہنگامی اجلاس میں کیا گیا، اجلاس جدہ میں اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے ہیڈ کوارٹر میں سعودی دعوت پر منعقد ہوا۔ او آئی سی نے اعلامیے میں اس قسم کے اقدامات کی سنگینی کے حوالے سے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ یہ لوگوں کے (بقیہ نمبر 5)

جدہ: او آئی سی اجلاس: اسلامی مقدسات کی بے حرمتی روکنے کیلئے مؤثر اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی روضہ رسول ﷺ پر حاضری

مسجد نبوی ﷺ میں بڑی تعداد میں پاکستانیوں نے صدر مملکت کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا

مدینہ منورہ (نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی اور نوافل ادا کیے۔ ڈاکٹر عارف علوی نے پاکستان اور عالم اسلام کی سلامتی، خوشحالی و ترقی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ صدر مملکت علوی مناسک حج کے بعد مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔ بعد ازاں صدر (بقیہ نمبر 7)

چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کا چیئرمین سینیٹ کی تاحیات مراعات کا بل واپس لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) حکومت کی جانب سے شدید مخالفت کے بعد چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے چیئرمین سینیٹ کی تاحیات مراعات کا بل واپس لینے کا فیصلہ کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 6)

جاپان سے سفارتی اور تجارتی تعلقات میں اضافہ چاہتے ہیں، بلاول

پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر میں بھی پوٹینشل ہے، نوجوانوں کو ہنرمند اور باصلاحیت بنانے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیر خارجہ

پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر میں بھی پوٹینشل ہے اس سیکٹر میں بھی تعلقات میں اضافہ ہونا چاہیے

ٹوکیو (نیوز ڈیسک) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جاپان سے سفارتی اور تجارتی تعلقات میں اضافہ چاہتے ہیں، ٹیکنالوجی سیکٹر میں جاپان دنیا میں ایک لیڈر ہے۔ پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: عید پر بہترین صفائی انتظامات پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا ٹیم کو خراج تحسین

بلوچستان، ضلع شیرانی میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، 4 اہلکار شہید

دہشتگردوں کی جانب سے ضلع شیرانی کے علاقے دھانہ سر کی چیک پوسٹ پر راکٹوں سے حملہ کیا گیا، پولیس حکام

بزدلانہ کارروائیاں فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتیں، سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

شیرانی (نمائندہ خصوصی) بلوچستان کے ضلع شیرانی میں پولیس چیک پوسٹ پر حملے میں 4 اہلکار شہید ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق دہشتگردوں کی جانب سے ضلع شیرانی کے علاقے دھانہ سر کی چیک پوسٹ پر راکٹوں سے حملہ کیا گیا، حملے میں 3 پولیس اہلکار سمیت ایک ایف سی اہلکار (بقیہ نمبر 8)

حکومت معاشی ترقی کی شرح 6 فیصد سے منفی پر لے آئی، حماد اظہر

مہنگائی ان کے دور میں 3 گنا بڑھ گئی، لوڈشیڈنگ کی واپسی اور صنعت تباہ ہو گئی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم حکومت پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح کو 6 فیصد سے منفی پر لے آئی۔ سماجی رابطے کی (بقیہ نمبر 14)

عید پر بہترین صفائی انتظامات پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا ٹیم کو خراج تحسین

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کا کہنا تھا کہ صفائی کے بہترین انتظامات پر صوبائی وزرا اور پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہتا ہوں

صوبائی وزرا، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، سالڈ ویسٹ کمپنیوں، لوکل گورنمنٹ، سپیشل برانچ کے افسران اور سٹاف کی کارکردگی قابل تحسین رہی

لاہور (نامہ نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے عید الاضحیٰ کے ایام میں لاہور سمیت صوبہ بھر میں صفائی کے بہترین انتظامات پر پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے اپنے پیغام میں کہا کہ عید کے موقع پر صفائی انتظامات کے حوالے سے صوبائی وزرا، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، سالڈ ویسٹ کمپنیوں، لوکل گورنمنٹ، سپیشل برانچ کے افسران اور سٹاف کی کارکردگی قابل تحسین رہی، صوبائی وزرا نے "عید صفائی آپریشن" کو مؤثر انداز میں مانیٹر کیا اور صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ صفائی کے بہترین انتظامات پر صوبائی وزرا اور پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہتا ہوں، صفائی کے شاندار انتظامات کر کے سالڈ ویسٹ کمپنیاں، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے شہریوں کی توقعات پر پورا اترے ہیں، صفائی انتظامات کے حوالے سے تعاون پر شہریوں (بقیہ نمبر 12)

لاہور: 8 ہزار بل دینے اور بیرون ملک سفر کرنے والا مفت علاج کا اہل نہیں ہوگا: پنجاب حکومت

تربیلا ڈیم کا سپل وے ایک گھنٹہ کھلا رکھنے کے بعد دوبارہ بند کر دیا گیا

سپل وے کے کھولنے کی وجہ سے اخراج ایک لاکھ 98 ہزار فٹ تک بڑھ گیا

صوابی (جنرل رپورٹر) تربیلا ڈیم کا سپل وے ایک گھنٹے کیلئے کھلا رکھنے کے بعد دوبارہ بند کر دیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح 1511 اعشاریہ 8 فٹ ہے، سپل (بقیہ نمبر 9)

ملکی اداروں کے خلاف ایف اے ٹی ایف کو خطوط لکھنے والے افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملکی اداروں کے خلاف فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کو خطوط لکھنے والے افراد کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ وفاقی وزارت صحت نے متعلقہ افراد کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق حکام کا کہنا ہے جرائم پیشہ افراد نے ایف اے ٹی ایف، آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کو ملکی اداروں کے خلاف خط لکھے۔ غیر ملکی معاشی اداروں کو خط لکھ کر پاکستان پر (بقیہ نمبر 11)

شوہر نے عید الاضحیٰ کے دوسرے روز بیدردی سے بیوی کو قتل کر دیا

شوہر نے طیش میں آ کر خاتون کے سر پر لوہے کے سریے سے وار کر دیا

کراچی (جنرل رپورٹر) شوہر نے عید الاضحیٰ کے دوسرے روز بیوی کو قتل کر دیا۔ شوہر نے طیش میں آ کر خاتون کے سر پر لوہے کے سریے سے وار کر دیا جس کے نتیجے پر وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں شوہر نے عید الاضحیٰ کے دوسرے روز بیوی کو قتل کر دیا۔ میڈیا رپورٹ (بقیہ نمبر 10)

صوابی: تربیلا ڈیم کا سپل وے ایک گھنٹہ کھلا رکھنے کے بعد دوبارہ بند کر دیا گیا

حجاج کرام کی واپسی کا سلسلہ شروع، وفاقی وزیر مذہبی امور اور گورنر سندھ کا حجاج نے استقبال کیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن نے اتوار کو 4 حج پروازیں آپریٹ کیں، وزیر مذہبی امور سینیٹر محمد طلحہ محمود مسافروں کے ہمراہ جدہ سے تشریف لائے اور پاکستان میں حجاج کرام (بقیہ نمبر 16)

استحکام پاکستان پارٹی کے رہنماؤں کا نواز شریف سے دبئی میں رابطہ

نواز شریف سے رابطے کے دوران پنجاب حکومت کی سیاست پر گفتگو کی

دبئی (نیوز ڈیسک) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنماؤں نے سابق وزیر اعظم نواز شریف سے دبئی میں رابطہ کیا ہے۔ نواز شریف کی دبئی میں اہم سیاسی ملاقاتیں جاری ہیں۔ بتایا گیا ہے (بقیہ نمبر 15)

IMF معاہدے سے اگلے چند ماہ میں مہنگائی میں کمی آئے گی، احسن اقبال

آئی ایم ایف معاہدے سے معیشت بہتر ہو گی اور پاکستان کے روپے کی قدر میں بہتری آئے گی، احسن اقبال کی گفتگو

انہوں نے کہا کہ اس وقت سب کو اپنی اپنی سیاست کو پس پشت ڈالتے ہوئے صرف اور صرف قومی سوچ اپنانی چاہیے، رہنما ن لیگ

نارووال (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال کا کہنا ہے تحریک انصاف نے آئی ایم ایف سے معاہدے کو ناکام بنانے کے لیے لابنگ کی۔ انہوں نے نارووال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی نے معاہدے کو سبوتاژ کرنے کی پوری کوشش کی۔ آئی ایم ایف (بقیہ نمبر 23)

مدینہ منورہ: صدر مملکت کی سویڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کی شدید مذمت

سیاحتی مقام کنڈ پارک گرمیوں میں سیاحوں کا پسندیدہ مسکن ہے، محکمہ سیاحت خیبر پختونخوا

پشاور (نیوز رپورٹر) محکمہ سیاحت خیبر پختونخوا کے مطابق نوشہرہ اور صوابی کے درمیان سیاحتی مقام کنڈ پارک گرمیوں میں سیاحوں کا پسندیدہ مسکن ہے۔ دریائے سندھ اور دریائے (بقیہ نمبر 24)

شہروں میں اربن فلڈنگ اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے آج سے ملک بھر میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی کی ہے جب کہ این ڈی ایم اے نے مون سون بارشوں سے متعلق احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کر دی۔ گرمی کے ستائے عوام (بقیہ نمبر 25)

جعلی سفری دستاویزات پر ہنگری جانے والے مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا

مسافر کے پاسپورٹ پر ہنگری کا جعلی تعلیمی ویزا اسٹیکر لگا ہوا تھا، ترجمان ایف آئی اے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ائیر پورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی سفری دستاویزات پر ہنگری جانے والے مسافر کو آف لوڈ کر دیا۔ ترجمان کے مطابق مسافر شاہد علی تعلیم کے غرض سے ہنگری جا رہا تھا۔ مسافر کے پاسپورٹ پر ہنگری کا جعلی تعلیمی ویزا اسٹیکر لگا ہوا تھا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق مسافر کے بہنوئی نے 20 لاکھ کے عوض ویزا حاصل کیا تھا۔ مسافر کو ایجنٹ کی نشاندہی اور مزید قانونی کارروائی کے لئے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل منتقل کر دیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن نے لاہور ائیرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے جعلی سفری دستاویزات پر ہنگری جانے والے مسافر کو آف (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے عید قربان پر 3300 ٹن فضلا ٹھکانے لگایا گیا

سی او کی ہدایات پر 750 سینیٹری ورکرز نے کینٹ کے علاقوں میں صفائی کا نظام برقرار رکھا

اہلیان کینٹ کی جانب سے راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے عملے کو صفائی کے بہت نظام پر خراج تحسین

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے عید الاضحیٰ کے موقع پر 750 سینٹری ورکرز 22 سینٹری سپر وائزرز اور 3 سینٹری انسپکٹرز اور 1 پبلک ہیلتھ آفیسر نے اپنے فرائض سر انجام دیں جبکہ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے کینٹ کے تمام علاقوں کو دفتر ہذا (بقیہ نمبر 17)

امریکا میں پاکستانی سفیر تبدیل کرنے پر غور

وزیر اعظم نے وزارت خارجہ سے مجوزہ ناموں کی سمری منگوالی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ذرائع کے مطابق جنیوا میں پاکستان کے مستقل مندوب خلیل ہاشمی مضبوط امیدوار ہیں۔ وزیر اعظم نے وزارت خارجہ سے مجوزہ ناموں کی سمری منگوالی ہے۔ امیدواروں میں خلیل ہاشمی اور عرب امارات میں سفیر فیصل نیاز ترمذی کے نام شامل ہیں۔ خلیل ہاشمی کو پہلے ہی روس کیلئے سفیر مقرر کیا جا چکا ہے، انہیں امریکا میں سفیر مقرر کئے جانے پر روس میں نیا سفیر بھیجا جائے گا۔ سفیر (بقیہ نمبر 26)

توانائی بچت پلان سے سالانہ 438 ارب روپے کی بچت ہوگی، حکام

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی حکومت کی جانب یکم جولائی سے اعلان کردہ توانائی بچت پلان سے 8 ہزار میگاواٹ بجلی اور قومی خزانے کو سالانہ 438 ارب روپے کی بچت ہوگی، دستاویزات کے مطابق غیر معیاری پنکھوں پر (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی؛ 12 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

مدعی مقدمے کے مطابق ملزم فیضان نے میرے بیٹے کو گھر لے جا کر زیادتی کی

ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر رواہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 12 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کیا۔ مدعی مقدمے کے مطابق ملزم فیضان نے میرے بیٹے کو گھر لے جا کر زیادتی (بقیہ نمبر 18)

حافظ آباد: تیز رفتار کار پٹرول پمپ سے ٹکرا گئی، ملازم جاں بحق

گاڑی میں سوار افراد کی شناخت جان خان اور زین خان کے ناموں سے ہوئی

حافظ آباد (نیوز رپورٹر) تیز رفتار کار بے قابو ہو کر پٹرول پمپ پر چڑھ گئی، ڈیوٹی پر معمور پمپ ملازم جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ روڈ پر تیز رفتار کار بے قابو ہو کر پٹرول پمپ (بقیہ نمبر 27)

ایف آئی اے نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث 3 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا

ملزمان نے شہریوں کو بیرون ممالک بھجوانے کے لئے لاکھوں روپے بٹورے

ملزمان کو لاہور کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان گزشتہ 5 سالوں سے مطلوب تھے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) ایف آئی اے کی انسداد انسانی سمگلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور زون کی ہدایت اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل لاہور نے کارروائی کرتے ہوئے 3 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا جو انسانی سمگلنگ کے گھناؤنے جرم (بقیہ نمبر 29)

ملک بھر میں شدید بارشوں اور ژالہ باری کی پیشگوئی

آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش سے کمزور انفرا اسٹرکچر کو نقصان پہنچ سکتا ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) محکمہ موسمیات نے (آج) پیر سے ملک بھر میں مون سون سسٹم کے تحت شدید بارشوں اور ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب میں مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں جس کے تحت 3 جولائی سے 8 جولائی تک ملک بھر میں مون سون بارشوں کا آغاز ہونے کا امکان ہے۔ حکام محکمہ موسمیات کے مطابق 3 سے 8 جولائی تک اسلام آباد، راولپنڈی، مری اور گلیات میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کا امکان ہے جبکہ (بقیہ نمبر 20)

حمزہ شہباز، سلمان شہباز کی ن لیگیوں کے ہمراہ جاتی امراء میں پیاروں کی قبروں پر حاضری

رائیونڈ، جاتی امراء (نیوز رپورٹر) حمزہ شہباز، سلمان شہباز کی ن لیگیوں کے ہمراہ جاتی امراء میں پیاروں کی قبروں پر حاضری، فاتحہ خوانی، پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز اور سلمان شہباز، مرزا (بقیہ نمبر 21)

PTV پارلیمنٹ حملہ کیس میں سزائیں ملتی تو 9 مئی کا واقعہ رونما نہ ہوتا، رانا تنویر حسین

ہماری اور پاکستان کی بدقسمتی تھی کہ 2014 میں دھرنے کے دوران ہماری حکومت نے اس کے خلاف ایکشن نہیں لیا

قائد مسلم لیگ ن محمد نواز شریف بہت جلد اپنے کارکنوں کے درمیان ہونگے اور انتخابی مہم کو لیڈ کریں گے، وفاقی وزیر تعلیم

لاہور: چودھری شجاعت حسین کی جیل میں پرویز الٰہی سے ایک اور ملاقات

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پی ٹی وی، پارلیمنٹ حملہ کیس میں سزائیں ملتی تو 9 مئی کا واقعہ رونما نہ ہوتا، شیخوپورہ کی تحصیل مریدکے میں مسلم لیگ ن پی پی 136 کے زیر اہتمام تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ ہماری اور پاکستان کی بدقسمتی تھی کہ 2014 میں دھرنے کے دوران ہماری حکومت نے اس کے خلاف ایکشن نہیں لیا، بجلی کے بل جلانے، پیسہ ہنڈی کے ذریعے بھیجنے کا کہنے والا، سول نافرمانی کرنے اور لوگوں کو ترغیب دینے والا ملک کا خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ دنیا میں 9 مئی جیسے واقعات کی مثال نہیں ملتی (بقیہ نمبر 28)

ملک میں کسی جماعت کا نام ونشان ختم نہیں کیا جا سکتا؛ رمیش کمار

اس وقت ملک میں پلان اے، بی اور سی چل رہے ہیں، پی ٹی آئی کے منحرف رہنما

غیر فعال جماعت کبھی بھی دوبارہ اٹھ سکتی ہے، رمیش کمار کی گفتگو

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے منحرف سابق رکن اسمبلی رمیش کمار کا کہنا ہے کبھی بھی کسی سیاسی جماعت کو ختم نہیں بلکہ غیر فعال کیا گیا۔ غیر فعال جماعت کبھی بھی دوبارہ اٹھ سکتی ہے۔ رمیش کمار نے خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے مزید کہا کہ ملک میں کسی جماعت کا نام ونشان ختم نہیں کیا جا سکتا۔ اس وقت ملک میں پلان اے، بی اور سی چل رہے ہیں۔ اے میں الیکشن دوسرے میں الیکشن نہیں اور تیسرا آپ خود سمجھتے ہیں۔ رمیش کمار نے مزید کہا کہ کبھی کبھار معاملہ اے بی پر آ جائے (بقیہ نمبر 30)

شفیق آباد پولیس نے 3 رکنی متحرک ڈکیت/موٹر سائیکل سنیچر گینگ کو گرفتار کر لیا

لاہور (نیوز رپورٹر) شفیق آباد پولیس نے 3 رکنی متحرک ڈکیت/موٹر سائیکل سنیچر گینگ کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے 1 لاکھ 80 ہزار نقدی، 10 موبائل اور 1 موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان منظم گروہ کی شکل میں وادات کرتے اور مال مسروقہ آپس میں بانٹ لیتے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: جماعت اسلامی کا قرآن پاک کی بے حرمتی کیخلاف بھرپور احتجاج کرنے کا اعلان

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

آئی ایم ایف ڈیل کا اعلان متوقع

قومی اسمبلی نے آئندہ مالی سال 2023-24 کے لیے 14ہزار 480ارب روپے کا وفاقی بجٹ اتفاقِ رائے سے منظور کر لیا،ایوان نے کثرتِ رائے سے فنانس بل 2023 کی شق وار منظوری بھی دے دی۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی طرف سے پیش کی گئی پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی آرڈیننس میں ترمیم کی قرارداد کو بھی منظور کرلیا گیا، ترمیم میں لیوی کی حد50 روپے سے بڑھا کر 60 روپے فی لیٹر تجویز کی گئی تھی۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے اجلاس میں بتایا کہ ملک میں بعض لوگ بیک وقت آرمی چیف، چیف ایگزیکٹو اور صدر کی پنشن لیتے رہے ہیں جو کہ ملک پر بہت بڑا بوجھ تھا، اب سرکاری افسران ایک سے زائد پنشن نہیں لے سکیں گے، اِس کا اطلاق گریڈ 17 سے 22 کے سرکاری افسران پر ہو گا تاہم گریڈ 17 سے نیچے کے سرکاری ملازمین اس پابندی سے مبرا ہوں گے۔ وزیرخزانہ اسحاق ڈار کی طرف سے تین ہزار 200ارب روپے کے زیرالتوا 62ہزار کیسوں کے حل کے لیے کمیٹی کی تشکیل کی تحریک بھی ایوان نے منظور کر لی، اس کمیٹی کے فیصلے کے خلاف فیڈرل بیورو آف ریونیو اپیل دائر نہیں کر سکے گا تاہم متاثرہ شخص کو عدالت سے رجوع کی اجازت ہوگی۔ مولانا عبدالاکبر چترالی کی فنانس بل اسلامی نظریاتی کونسل کو بھجوانے کی تحریک کثرتِ رائے سے مسترد ہو گئی تاہم ان کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینوں کو 1600 سی سی کی بجائے زیادہ سے زیادہ 1200 سی سی گاڑی استعمال کرنے کی اجازت سے متعلق تحریک منظور کر لی گئی۔ اِس سے قبل جمعرات کو وزیرخزانہ نے ایوان کو بتایا تھا کہ حکومت نے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ) آئی ایم ایف(کے کہنے پر بیرون ملک سے ایک لاکھ ڈالر بھیجنے پر ٹیکس ایمنسٹی سکیم ختم کردی ہے ساتھ ہی ساتھ مزید 215ارب روپے کے نئے ٹیکس لگانے اور حکومتی اخراجات میں 85ارب روپے کی کمی کی شرائط بھی تسلیم کر لی گئیں، جس سے مالیاتی خسارہ 300ارب روپے رہنے کا امکان ہے۔ وزیر خارجہ کے مطابق ملک کا دفاعی بجٹ برقرار رہے گا۔ سپر ٹیکس کی انکم سلیبز میں اضافہ کیا گیا ہے تاہم اِس کا بوجھ عام آدمی پر نہیں پڑے گا۔ ایف بی آر کے محاصل کا تخمینہ آئی ایم ایف کی شرط کے مطابق 215ارب روپے کے اضافی ٹیکس لگا کر 9415ارب روپے کر دیا گیا ہے، اِس سے قبل تخمینہ 9200ارب روپے تھا، اِس طرح ٹیکسوں میں صوبوں کا حصہ 5276ارب روپے سے بڑھ کر 5399ارب روپے ہو جائے گا۔ بجٹ دستاویزات کے مطابق ماہانہ دو لاکھ سے زائد تنخواہ پر انکم ٹیکس کی شرح میں 2.5فیصد اضافہ کیا گیا ہے، کھاد پر پانچ فیصد جبکہ میٹھے مشروبات پر 10 سے 20فیصد فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کی گئی ہے، پراپرٹی کی خرید و فروخت پر بھی مزید ایک فیصد ٹیکس لگا دیا گیا ہے۔ یوں آئندہ مالی سال کے دوران مجموعی طور پر 438ارب کے نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں۔ آئی ایم ایف کی شرائط ماننے سے بجٹ خسارے میں 300ارب روپے کی کمی ہوگی اب یہ 6924ارب روپے سے کم ہو کر 6624 ارب روپے تک رہنے کی توقع ہے۔ آئندہ مالی سال کے لیے نان ٹیکس آمدن کا ہدف 29 کھرب برقرار رکھا گیا ہے۔

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان بجٹ فریم ورک کے معاملے پر طے ہوا تھا کہ یہ سٹاف لیول معاہدے کے لیے راہ ہموار کرے گا۔ اِس کے نتیجے میں عالمی مالیاتی ادارے کا ایگزیکٹو بورڈ 1.2ارب ڈالر کی قسط جاری کر سکے گا جس کی مدت رواں ماہ 30 تاریخ کو ختم ہو رہی ہے۔ واضح رہے کہ بجٹ میں ایمنسٹی سکیم سمیت چند ایسے اقدامات تجویز کیے گئے جن پر آئی ایم ایف کو اعتراض تھا۔ بیرونی فنانسنگ کے حوالے سے آئی ایم ایف اور وزیراعظم میں اتفاق ہوا تھا کہ دونوں فریقین تکنیکی اور پالیسی سطح پر بجٹ ری فریم ورک پر سمجھوتے کے بعد فنانسنگ حاصل کرنے کے لیے مشترکہ کوشش کریں گے تاہم بجٹ اقدامات کے باعث معاملہ وہیں رک گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسحاق ڈار نے ایوان کو بتایا ہے کہ تمام تر شرائط مان لینے کے بعد نویں جائزے اور پروگرام کی بحالی کی راہ میں رکاوٹیں دور ہو گئی ہیں، اب آئی ایم ایف کے ساتھ ڈیل کے قریب پہنچ چکے ہیں اور اِس کا اعلان بھی جلد متوقع ہے۔ آئی ایم ایف کے حالیہ پروگرام کی معیاد ختم ہونے سے قبل اِس کی طرف سے آخری قسط کا اعلان کیا جانا ضروری ہے۔ خدا خدا کر کے یہ خبر آئی ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات جلد ہی طے پائے جانے کا امکان ہے، اللہ کرے ایسا ہی ہو، گو کہ عوام پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈال دیا گیا ہے لیکن کہیں نہ کہیں یہ اطمینان بھی ہے کہ اب معاملات قابو میں آ جائیں گے، گرتی ہوئی معاشی صورتحال کو تھوڑا سہارا مل جائے گا لیکن اگر معاملہ امید کے برعکس ہوا تو پھر قوم کو زیادہ بھاری قیمت ادا کرنی پڑ سکتی ہے۔ بہرحال اب غور طلب بات یہ ہے کی اس پروگرام کے معاملات طے ہونے کے بعد جب معیشت سنبھلنے لگی تو اہل ارباب و اختیار کو پوری تندہی کے ساتھ اپنی ذمہ داری نبھانا ہوگی۔ ان پر لازم ہے کہ وہ اخراجات کو کم کرنے پر توجہ دیں اور آمدن بڑھانے پر غور کریں، معیشت کی گاڑی کو پٹڑی پر ڈالنے کی ہر ممکن کوشش کریں تا کہ آئندہ کسی قسم کی بیرونی امداد لینے کی نوبت نہ آئے، بس یہ آخری پروگرام ثابت ہو۔ انتہائی باعث تکلیف بات یہ ہے کہ ہر چند سال بعد ہم دوسروں کی طرف دیکھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، اتنے سالوں میں اب تک اپنے پاں پر کھڑے نہیں ہو سکے۔ ہمیں اب اپنے زورِ بازو پر انحصار کرنا سیکھ لینا چاہئے۔ ت کی گاڑی کو پٹڑی پر ڈالنے کی ہر ممکن کوشش کریں تا کہ آئندہ کسی قسم کی بیرونی امداد لینے کی نوبت نہ آئے، بس یہ آخری پروگرام ثابت ہو۔ انتہائی باعث تکلیف بات یہ ہے کہ ہر چند سال بعد ہم دوسروں کی طرف دیکھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں، اتنے سالوں میں اب تک اپنے پاں پر کھڑے نہیں ہو سکے۔ ہمیں اب اپنے زورِ بازو پر انحصار کرنا سیکھ لینا چاہئے۔

سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی

تحریر: صادق انور میاں

سویڈن کے دارالحکومت اسٹاک ہوم کی مرکزی مسجد کے باہر ایک شخص نے ہم مسلمانوں کی مقدس کتاب قرآن پاک کو نذر آتش کیا۔ یہ واقعہ عید کے پہلے دن رونما ہوا جب مسلمان عیدالاضحیٰ منانے میں مصروف تھے یعنی سنت ابراہیم میں مصروف تھے۔ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے بلکہ پہلے بھی ایسے واقعے ہوئے ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ بحیثیت ایک مسلمان ہم پر لازم ہے کہ ہم سب اس کے خلاف اواز اٹھائے۔ یہ ہمارا مقدس کتاب ہے۔ ہم اس کے زریعے اللہ سے دعا کرتے ہیں۔ اس کے زریعے تو ہم جیتے ہیں۔ اس قرآن مجید کی بدولت تو ہمیں خوشیاں محسوس ہو رہی ہیں۔ ہم اس مقدس کتاب کو پڑھ کر خوش ہو رہے ہیں، ہمیں سکون مل رہا ہے۔ اس کتاب میں دنیا وآخرت کی کامیابی ہے۔ اس قرآن مجید کو جب کوئی مسلمان زبانی یاد کرتے ہیں تو ان کیلئے بہت سارے انعامات ہیں جنت میں۔ اس مقدس کتاب کو پڑھ کر ہم اپنے رب سے جنت مانگتے ہیں جنت کی خوشیاں مانگتے ہیں۔ دنیا میں سکون کی زندگی کی دعائیں مانگتے ہیں۔ ہم اگر کامیاب ہیں اور ہونگے تو اس مقدس کتاب کی وجہ سے ہونگے۔ یہ ہمارا عقیدہ ہے ہمارا ایمان ہے ہم اس مقدس کتاب پر ایمان لائیں ہیں۔ اس مقدس کتاب میں جو بھی لکھا گیا ہے سب کے سب حقیقت ہیں۔ ہمیں ہمارے جانیں اس مقدس کتاب سے زیادہ عزیز نہیں ہے۔ ہم اپنی جان و مال قربان کرتے ہیں اس مقدس کتاب کی خاطر۔ یہ آسمانی کتاب ہے۔ ہم سب بحیثیت مسلمان اس حرکت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ اور یہ التجا کرتے ہیں کہ اس ملعون کو ایسی سزا دی جائیں تا کہ یہ دنیا یاد رکھیں۔ تا کہ یہودیوں اور دیگر غیر مسلموں کیلیے مثال بن جائیں۔ ہم کسی صورت اس فعل کو برداشت نہیں کریں گے۔ دنیا میں جتنے بھی مسلمان ہیں سب کو اس فعل سے دکھ درد ملا ہے۔ ہم سب اس فعل سے انتہائی پریشان ہیں۔ ہم اپنے حکومت سے بھی استدعا کرتے ہیں کہ اس گناونی فعل پر سویڈن سے تمام تر تعلقات ختم کریں۔ اس ملعون کو اگر سزا نہیں دی گئی تو یہ ہم مسلمانوں کے ساتھ زیادتی ہوگی۔ یہ اسلام کے ساتھ زیادتی ہوگی۔ اس گھناؤنی فعل سے ہم مسلمانوں کی دلوں کو تکلیف ملی ہیں۔ میں بذاتِ ایک مسلمان انتہائی پریشان ہوں، انتہائی افسردہ ہوں۔ میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔ میں اگر اس فعل پر افسردہ نہیں ہوگا تو یہ میری ایمان کی کمزوری ہوگی۔ اگر کوئی بھی مسلمان اس پر افسوس نہیں کرے گا تو وہ سمجھے کہ ان کا دل ایمان سے خالی ہے۔ ہم تو کیا کئے یہود بھی اس فعل کو گھناؤنی فعل قرار دے چکے ہیں۔ ہم مسلمان ہونے کے دعوے تو کر رہے ہیں لیکن ہماری ایمان کا پتہ اس وقت چل جائے گا کہ ہم اپنے مقدس کتاب سے کتنی محبت کرتے ہیں۔ ہم اس پر کتا یقین کرتے ہیں۔ بحثیت مسلمان ہم سب پر لازم ہے کہ اس وقت تک آواز اٹھائی جائے جب تک اس ملعون کو سخت سے سخت سزا نہ دی جائے۔ ہم اس وقت تک انشا اللہ آواز اٹھائیں گے۔ ہم سب کچھ تو برداشت کریں گے لیکن اپنے مقدس کتاب کی بے حرمتی مرتے دم تک برداشت نہیں کر سکتے۔ جب تک میں زندہ ہوں انشا اللہ اپنی مقدس کتاب کی بے حرمتی برداشت نہیں کروں گا۔ کوئی غیر مسلم اس فعل کے بارے میں سوچ بھی مت کہ ہمارے مقدس کتاب کو کی کوئی بے حرمتی کریں گے اور ہم چپ رہے گے یہ کبھی ہو نہیں سکتا اور یہ غیر مسلموں کی غلط فہمی ہوگی۔

عید پر گوشت کس طرح تناول کیا جائے؟

پروفیسر اسرار الحق طور، میو ہسپتال

عیدالاضحیٰ پر بے احتیاطی اور بسیار خوری آپ کو بیمار کر سکتی ہے، دل، جگر، ذیابیطس، کولیسٹرول، بلند فشار خون، گردوں اور یورک ایسڈ کے مریض عید پر بہت کم مقدار میں گوشت کھائیں۔ عید کے ایام میں گھر میں تیار کھانوں سے لطف اٹھائیں، گوشت کھائیں لیکن اعتدال کے ساتھ کیوں کہ بسیار خوری اور مرغن اور چٹخارے دار پکوان آپ کی عید کا مزا کرکرا کر سکتے ہیں۔ عید کی شام سے پیٹ کے امراض میں مبتلا ایسے مریض شعبہ حادثات میں لائے جاتے ہیں جو بسیار خوری اور بدہضمی کا شکار ہوتے ہیں۔ عیدالاضحیٰ پر قربانی کا گوشت اعتدال کے ساتھ کھانا چاہیے، خصوصا شوگر اور دل کے مریضوں کو قربانی کا گوشت کھانے میں احتیاط کرنی چاہیے۔ ذیابیطس، دل، بلڈ پریشر، یورک ایسڈ اور گردوں کے مریضوں کو خاص احتیاط کی ضرورت ہے، ایسے افراد کو گوشت کھانے میں حد سے زیادہ احتیاط کرنی چاہیے۔ ان ایام میں خاص طور پر اپنا ایک پلیٹر بنا لینا چاہئے جس میں سلاد، دہی، پھل کو بھی قربانی کے گوشت کے ساتھ کھانا چاہئے، قربانی کا گوشت ذائقے کے لئے کھائیں۔ ایسے مریض جن کا یورک ایسڈ بڑھا ہوا ہے وہ ان ایام میں دوا کا استعمال ضرور کریں کیونکہ یورک ایسڈ بڑھنے کی وجہ سے انہیں جوڑوں کے درد کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض گائے کا گوشت کھانے سے اجتناب کریں، بازاری مصالحوں سے بنے کھانوں سے بھی اجتناب کریں کیونکہ اس میں نمک زیادہ کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔

شوگر اور دل کے مریض گوشت اپنی عمر کے حساب سے کھائیں، اعتدال اور احتیاط کے ساتھ گوشت کھائیں، اگر ممکن ہو تو اپنے معالج کے مشورے سے گوشت کھائیں۔ جگر کے مریضوں کو بھی اپنا خیال رکھنے کی ضرورت ہے، جن کے پیٹ میں پانی بھر جاتا ہو انہیں تو بہت خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ عید کے ایام میں عزیز و اقارب کے گھروں میں بھی گوشت سے بنی ڈشز سے تواضع ہوتی ہے ایسے میں تھوڑا تھوڑا کھانے اور چکھنے میں انسان بسیار خوری اور بدہضمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ زیادہ گوشت کھانے سے آپ ڈائریا کا شکار ہو سکتے ہیں، بدہضمی ہو جاتی ہے، پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں۔ قربانی کے گوشت کو دو سے تین ہفتوں سے زیادہ فریزر کی زینت نہیں بنانا چاہیے کیونکہ اس کے نتیجے میں اس کی افادیت متاثر ہوتی ہے، اس میں بیکٹیریا کی نشوونما ہو سکتی ہے اور آپ کو پیٹ کی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔ قربانی کا گوشت اپنی عمر کے حساب سے کھانا چاہئے، اچھی طرح پکا کر کھانا چاہئے کیونکہ اگر اچھی طرح پکایا نہ گیا ہو تو اس سے بھی پیٹ کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ دو تین دن گوشت کھانے سے کچھ نہیں ہوتا، جو بزرگ افراد ہیں انہیں چاہئے کہ وہ گوشت صرف اتنا کھائیں جتنا ہضم کر سکتے ہیں، حد سے زیادہ کھائیں گے یا بسیار خوری کریں گے تو اس کے نتیجے میں پیٹ کے مسائل کا شکار ہو سکتے ہیں۔ یہ موسم برسات اور حبس کا ہے ہم نے یہی دیکھا تھا اس موسم میں زیادہ تر لوگ کھانا کم کھاتے تھے، پانی زیادہ جسم سے نکل جاتا تھا، ان دنوں میں آم کی چٹنی اور نمکین لسی پی جاتی تھی، سردیوں میں زیادہ گوشت کھا بھی لیں تو اتنا مسئلہ نہیں ہوتا تھا لیکن اس موسم میں زیادہ گوشت نہیں کھاتے تھے، اس موسم میں زیادہ گوشت کھانے سے ہاضمے کے مسائل پیدا ہوتے تھے۔ لوگوں کو مشورہ ہے کہ شکنجبین یا لیموں پانی اور نمکین لسی، دہی اور سلاد کو کھانوں کا حصہ بنا لیں، کوشش کریں سافٹ ڈرنکس سے گریز کریں۔ شوگر اور دل کے مریض گوشت اپنی عمر کے حساب سے کھائیں، اعتدال اور احتیاط کے ساتھ گوشت کھائیں، اگر ممکن ہو تو اپنے معالج کے مشورے سے گوشت کھائیں۔ جگر کے مریضوں کو بھی اپنا خیال رکھنے کی ضرورت ہے جن کے پیٹ میں پانی بھر جاتا ہو انہیں تو بہت خاص احتیاط کی ضرورت ہے۔ عید کے ایام میں عزیز و اقارب کے گھروں میں بھی گوشت سے بنی ڈشز سے تواضع ہوتی ہے ایسے میں تھوڑا تھوڑا کھانے اور چکھنے میں انسان بسیار خوری اور بدہضمی کا شکار ہو جاتا ہے۔ زیادہ گوشت کھانے سے آپ ڈائریا کا شکار ہو سکتے ہیں، بدہضمی ہو جاتی ہے، پیٹ میں مروڑ اٹھتے ہیں۔ قربانی کے گوشت کو دو سے تین ہفتوں سے زیادہ فریزر کی زینت نہیں بنانا چاہیے کیونکہ اس کے نتیجے میں اس کی افادیت متاثر ہوتی ہے، اس میں بیکٹیریا کی نشوونما ہو سکتی ہے اور آپ کو پیٹ کی بیماریاں لاحق ہو سکتی ہیں۔ قربانی کا گوشت اپنی عمر کے حساب سے کھانا چاہئے، اچھی طرح پکا کر کھانا چاہئے کیونکہ اگر اچھی طرح پکایا نہ گیا ہو تو اس سے بھی پیٹ کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ دو تین دن گوشت کھانے سے کچھ نہیں ہوتا، جو بزرگ افراد ہیں انہیں چاہئے کہ وہ گوشت صرف اتنا کھائیں جتنا ہضم کر سکتے ہیں، حد سے زیادہ کھائیں گے یا بسیار خوری کریں گے۔

دعائیں مستجاب ہوں گی، ملک مشکلات سے نکل جائے گا!

چودھری خادم حسین

دنیا بھر سے پچیس لاکھ سے زیادہ مسلمانوں نے فریضہ حج ادا کر لیا اور آج جب میں تحریر لکھ رہا ہوں تو حجاج کرام رمی کا رکن ادا کر رہے ہیں جس کے بعد قربانی ہوگی اور سر کے بال منڈوا کر غسل کے ساتھ ہی احرام کھل جائیں گے، طواف وداع کے بعد یہ سب اپنے اپنے وطن کے لئے روانہ ہوں گے، جہاں تک عیدالاضحیٰ کا تعلق ہے تو سعودی عرب سمیت مشرق وسطی میں آج نماز ادا کی گئی ہے اور ہم) پاکستانی(کل) جمعرات (کو عید منائیں گے اور ملک بھر میں جانوروں کی قربانی ہوگی اور یہ سلسلہ علی الصبح ساڑھے پانچ بجے کے بعد ہی سے شروع ہو جائے گا کہ ہمارے علما کرام کا یہ بھی فتوی ہے کہ نماز عید طلوع آفتاب کے آدھ گھنٹہ بعد ادا کی جا سکتی ہے، یوں مساجد میں اولین وقت ساڑھے پانچ بجے ہے اور جو لوگ پہلے روز قربانی کریں گے وہ نماز بھی پہلے ہی ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ یہ سلسلہ جمعہ کا پورا دن اور ہفتے کو نماز ظہر کے وقت سے پہلے تک چلے گا اور یوں یہ فریضہ بھی ادا ہو جائے گا، اتوار کا دن آرام اور پھر کام کاج کا سلسلہ شروع ہوگا۔

رپورٹنگ کا حصہ تھے تو یہ فکر لاحق ہوتی تھی کہ کون کون کہاں کہاں نماز عید ادا کرے گا، اب یہ فکر تو نہیں لیکن تجسس سے کون روک سکتا ہے لہذا نگاہ تو ہے اور سب سے پہلے یہ دبئی کی طرف گئی جہاں محمد نواز شریف نے اپنے اہل خانہ کے ساتھ نماز پڑھی۔ ایک روز قبل تک آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو بھی یہاں تھے اور ان کی آپس میں ملاقات بھی ہوئی اور بہت سی در فنطیاں بھی سننے کو ملیں۔ بہرحال یہ بات تو طے ہے کہ جب دو سیاست دان ملیں تو وہ بات چیت بھی سیاست ہی پر کرتے ہیں اور ان رہنماں کے درمیان بھی حالات حاضرہ پر ہی گفتگو ہوئی ہوگی۔ اس بارے میں اتنی زیادہ قیاس آرائیاں ہو گئیں کہ مجھے حیرت ہوئی۔ اپنے رپورٹنگ کے دور سے جتنا میں سابق وزیراعظم محمد نواز شریف اور سابق صدر مملکت آصف علی زرداری کے مزاجوں سے آشنا ہوں، اس کے مطابق سیٹ ایڈجسٹمنٹ سے لے کر انتخابات کی تاریخ تک والی سب چیزیں کہانیاں ہیں، اگر یہی ہونا تھا تو پھر ایسی خبروں کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بھی دبئی ہونا تھا لیکن وہ تو لندن سے ہی سیدھے لاہور چلے آئے۔ اس لئے میرے خیال میں دبئی کی ملاقات تجدید تعلقات کے حوالے سے تھی اور بلاول کی موجودگی بھی یہی ظاہر کرتی ہے۔ البتہ یہ یقینی امر ہے کہ ان حضرات نے کھل کر نہ سہی دبے دبے الفاظ میں ماضی کو یاد کر کے مستقبل کی بات کی ہوگی اور یہ تو طے ہو گیا کہ مل کر چلیں گے۔ میری اطلاع یہ ہے کہ میاں محمد نواز شریف اور آصف علی زرداری کے درمیان سابق وزیراعظم کی واپسی کے حوالے سے بات چیت مرکزی نقطہ تھا اور یہی نظر آیا کہ سابق وزیراعظم کی واپسی کی راہ میں تمام رکاوٹیں دور ہونا چاہئیں اور اس کے لئے تمام قانونی امور جلد انجام دیئے جائیں اور یہی وجہ ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لاہور پہنچنے سے پہلے ہی قانونی ماہرین کی ملاقات طے کر لی تھی جو منگل اور بدھ کو بھی ہوئی اور یہ طے کیا گیا کہ پارلیمنٹ کے نئے ایکٹ پر جو 63-62 کے حوالے سے ہے پورا غور کر کے یہ طے کیا جائے کہ محمد نواز شریف کی نااہلیت ختم ہو گئی یا کسی اعتراض کی گنجائش ہے۔ بہرحال یہ تو طے ہو گیا کہ قائد مسلم لیگ کی واپسی سے قبل ان کے لئے حفاظتی ضمانت حاصل کی جائے گی اور ان کی آمد پر بھرپور استقبال بھی کیا جائے گا جو آئندہ انتخابات کے حوالے سے اہمیت کا حامل ہے۔ اب ذرا نااہلی کی مدت پانچ سال ہونے کے ایکٹ آف پارلیمان کی بات کر لی جائے تو سرکاری موقف یہ ہے کہ آئین کے آرٹیکل 63-62 نااہلی کی مدت کے حوالے سے خاموش ہیں، اس لئے ایکٹ آف پارلیمنٹ کے ذریعے مدت کا تعین کیا گیا جس کے ذریعے اب ہر نااہلی کی مدت پانچ سال ہی رہ گئی ہے یوں محمد نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی مستفید ہوں گے تاہم میں نے جب اس ایکٹ آف پارلیمنٹ کو پڑھا تو تمام لوازمات پورے ہونے کے باوجود اسے موثر بہ ماضی نہ پایا کہ ایکٹ میں یہ تحریر ہی نہیں کہ اطلاق ماضی سے بھی ہوگا۔ یوں اگر اسے تسلیم بھی کر لیا جائے تو پھر اس کا اثر میاں محمد نواز شریف اور جہانگیر ترین پر نہیں ہوتا کہ ان کی اہلیت ماضی سے ہے۔ اس کے علاوہ بعض ماہرین کا موقف ہے کہ ایکٹ آف پارلیمنٹ موثر نہیں اس کے لئے آرٹیکل 63-62 میں نئی دفعات ایزاد کرنے کے لئے آئینی ترمیم کی ضرورت ہوگی لہذا اب یہ معاملہ بھی عدلیہ ہی کے سپرد ہوگا جو پہلے ہی ملٹری کورٹس اور الیکشن کے حوالے سے الجھی ہوئی ہے۔ ماہرین کی یہ رائے اس لئے بھی ہے کہ میاں محمد نواز شریف کی تاعمر نااہلی سپریم کورٹ کی طرف سے ہوئی تھی۔ بہرحال یہ بھید بھی جلد کھل جائیں گے۔ البتہ مجھے یہ یقین ہے کہ اور کچھ بھی نہ ہوا تو حکومت کو منظور کئے گئے ایکٹ آف پارلیمنٹ میں ضرور ایک دفعہ ایزاد کرنا ہوگی جس کے مطابق اطلاق موثر بہ ماضی ہو سکے۔ یہ تو وہ معروضی حالات ہیں جو معاشی ابتری کے علاوہ بھی ہمارے سامنے ہیں اور سیاسی الجھا کا درجہ رکھتے ہیں۔ بڑا مسئلہ بہرحال معاشی حالات ہی ہیں کہ پورے یقین کے اظہار کے باوجود آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے کا باقاعدہ اعلان نہیں ہوا۔ اب تک توقعات ہی کے سہارے کام چلایا جا رہا ہے اور دیوالیہ پن کی تلوار لٹک رہی ہے اگرچہ اسحاق ڈار کا دعوی اور وزیراعظم کا یقین یہ ہے کہ یہ معاہدہ 30 جون تک ہو جائے گا، اس میں اب دو ہی دن باقی رہ گئے ہیں، میں باور کرتا ہوں کہ ایسا ہو جائے گا کہ اب تک جتنی لکریں نکلوانا تھیں وہ نکلوائی جا چکیں اس لئے اب اتنا نہیں دبایا جائے گا کہ پھٹ ہی پڑیں، عالمی سیاست میں بہرحال ابھی تک پاکستان کو جغرافیائی اہمیت حاصل ہے اور سامراج کو بھی یہ خیال رکھنا ہی ہوگا یوں بھی کوئی بھی سود خور اپنے گاہک کی موت نہیں چاہتا اور مرنے نہیں دیتا کہ پھر تو سب کچھ ڈوب جائے گا، ویسے بھی آصف علی زرداری نے بڑھک لگائی تھی کہ دیوالیہ ہوئے تو کچھ نہیں ہوگا اور یہ اس طرح ٹھیک لگتا ہے کہ سری لنکا بھی زندہ ہے اور اس ملک میں کرکٹ بھی ہو رہی ہے تاہم اللہ سے دعا ہے کہ ہمیں یہ دن دیکھنا نہ پڑے کہ ہمارے حالات مختلف اور مشرقی دشمن بدترین ذہنیت کا مالک، کمینہ صفت ہے، ان شا اللہ یہ دور گزر جائے گا ہمیں دعا کرنا چاہیے، ایک بار اس گرداب سے نکل گئے تو اللہ باقی مشکلات بھی آسان کر دے گا، بہرحال ہمارے سیاسی رہنماں کو اب ہوش مندی سے کام لینا ہوگا خصوصا مسلم لیگ)ن(اور پیپلز پارٹی کو حالات سے سمجھوتہ کر کے تعلق نبھانا ہوگا۔ اب ذرا نااہلی کی مدت پانچ سال ہونے کے ایکٹ آف پارلیمان کی بات کر لی جائے تو سرکاری موقف یہ ہے کہ آئین کے آرٹیکل 63-62 نااہلی کی مدت کے حوالے سے خاموش ہیں، اس لئے ایکٹ آف پارلیمنٹ کے ذریعے مدت کا تعین کیا گیا جس کے ذریعے اب ہر نااہلی کی مدت پانچ سال ہی رہ گئی ہے یوں محمد نواز شریف اور جہانگیر ترین بھی مستفید ہوں گے تاہم میں نے جب اس ایکٹ آف پارلیمنٹ کو پڑھا تو تمام لوازمات پورے ہونے کے باوجود اسے موثر بہ ماضی نہ پایا کہ ایکٹ میں یہ تحریر ہی نہیں کہ اطلاق ماضی سے بھی ہوگا۔ یوں اگر اسے تسلیم بھی کر لیا جائے تو پھر اس کا اثر میاں محمد نواز شریف اور جہانگیر ترین پر نہیں ہوتا کہ ان کی اہلیت ماضی سے ہے۔ اس کے علاوہ بعض ماہرین کا موقف ہے کہ ایکٹ آف پارلیمنٹ موثر نہیں اس کے لئے آرٹیکل 63-62 میں نئی دفعات ایزاد کرنے کے لئے آئینی ترمیم کی ضرورت ہوگی لہذا اب یہ معاملہ بھی عدلیہ ہی کے سپرد ہوگا جو پہلے ہی ملٹری کورٹس اور الیکشن کے حوالے سے الجھی ہوئی ہے۔ ماہرین کی یہ رائے اس لئے بھی ہے کہ میاں محمد نواز شریف کی تاعمر نااہلی سپریم کورٹ کی طرف سے ہوئی تھی۔ بہرحال یہ بھید بھی جلد کھل جائیں گے۔ البتہ مجھے یہ یقین ہے کہ اور کچھ بھی نہ ہوا تو حکومت کو منظور کئے گئے ایکٹ آف پارلیمنٹ میں ضرور ایک دفعہ ایزاد کرنا ہوگی جس کے مطابق اطلاق موثر بہ ماضی ہو سکے۔ یہ تو وہ معروضی حالات ہیں جو معاشی ابتری کے علاوہ بھی ہمارے سامنے ہیں اور سیاسی الجھا کا درجہ رکھتے ہیں۔ بڑا مسئلہ بہرحال معاشی حالات ہی ہیں کہ پورے یقین کے اظہار کے باوجود آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے کا باقاعدہ اعلان نہیں ہوا۔ اب تک توقعات ہی کے سہارے کام چلایا جا رہا ہے اور دیوالیہ پن کی تلوار لٹک رہی ہے اگرچہ اسحاق ڈار کا دعوی اور وزیراعظم کا یقین یہ ہے کہ یہ معاہدہ 30 جون تک ہو جائے گا، اس میں اب دو ہی دن باقی رہ گئے ہیں، میں باور کرتا ہوں کہ ایسا ہو جائے گا کہ اب تک جتنی لکریں نکلوانا تھیں وہ نکلوائی جا چکیں اس لئے اب اتنا نہیں دبایا جائے گا کہ پھٹ ہی پڑیں، عالمی سیاست میں بہرحال ابھی تک پاکستان کو جغرافیائی اہمیت حاصل ہے اور سامراج کو بھی یہ خیال رکھنا ہی ہوگا۔

شوبز SHOWBIZ

اکشے اور ارجن نے بھائی بننے سے انکار کر دیا تھا: کترینہ کیف

کترینہ نے انکشاف کیا کہ وہ چاہتی تھیں کہ اکشے کمار کو راکھی باندھ کر اپنا بھائی بنائیں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی باربی ڈول کترینہ کیف نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی خواہش کے باوجود اکشے کمار اور ارجن کپور نے ان کا بھائی بننے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ ایک ٹی وی کے پروگرام کے دوران کترینہ نے انکشاف کیا کہ وہ چاہتی تھیں کہ اکشے کمار کو راکھی باندھ کر اپنا بھائی بنائیں لیکن اکشے نے صاف منع کر دیا تھا، بلکہ ایک مرتبہ تو یہ کہا تھا کہ کیا تم تھپڑ کھانا چاہتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد انہوں نے ارجن کپور سے رابطہ کیا، لیکن جیسے ہی میں نے یہ بات کی تو وہ بھاگ کھڑا ہوا اور دوسرے دن میں نے دوبارہ بھی کوشش کی۔

فلمیں دیکھنے کا وقت نہیں ملتا، کارٹون نیٹ ورک ضرور دیکھتی ہوں: متھیرا

اداکارہ نے کہا آج تک فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ اور لندن نہیں جاں گا نہیں دیکھی

لاہور (شوبز نیوز) اداکارہ متھیرا نے کہا ہے کہ بطور ماں بہت مصروفیت ہے اس وجہ سے فلمیں نہیں دیکھ پاتی ہاں رات 11 بجے کے بعد کارٹون نیٹ ورک دیکھتی ہوں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے متھیرا کا کہنا تھا کہ مجھے کئی فلمیں دیکھنی ہیں پاکستانی فلموں کو نیٹ فلکس اور دیگر او ٹی ٹی پلیٹ فارم پر ریلیز کرنے کی ضرورت ہے تا کہ ہم جیسے لوگ دیکھ سکیں کیونکہ سینما کے اوقات اور شیڈول کا مسئلہ ہوتا ہے۔ اداکارہ نے کہا آج تک فلم دی لیجنڈ آف مولا جٹ اور لندن نہیں جاں گا نہیں دیکھی یہ افسوس کی بات ہے مجھے انہیں دیکھنا تھا لیکن مصروفیت کی وجہ سے نہیں دیکھ سکی۔ متھیرا نے ڈراموں میں بطور ایکٹر کام کے حوالے سے کہا زندگی میں پہلے ہی بہت ڈرامے چل رہے ہیں اس لیے کسی ڈرامے میں کام کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے اور فلموں سے تو اللہ ہی معاف کرے۔ موجودہ ملکی حالات پر اداکارہ متھیرا نے پریشانی کا اظہار کیا، ان کا کہنا تھا کہ اس وقت جو ملک میں ہو رہا ہے یہ ایک سیاہ ترین دور ہے مہنگائی سے ہر کوئی پریشان ہے، ملک میں بڑھتی مہنگائی پر ہم جیسے مڈل کلاس لوگ مشکلات کا شکار ہیں، 5 سے 10 روپے پیٹرول پر کم ہو کر دوبارہ 20 روپے بڑھا دیے۔

مہوش حیات اسلاموفوبیا اور اینٹی پاکستان پراپیگنڈے کیخلاف متحرک

انہوں نے کہا کہ وہ پنک لاما فلمز کے ذریعے ایسی فلمیں اور ویب سیریز بنائیں گی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی فلم انڈسٹری کی معروف اداکارہ مہوش حیات نے ایک فلم کمپنی کھولنے کا اعلان کیا ہے جو اسلاموفوبیا اور اینٹی پاکستان سٹیریوٹائپ پراپیگنڈے کو ختم کرنے کیلئے کام کرے گی۔ اپنے ایک انٹرویو میں اداکارہ مہوش حیات نے بتایا کہ وہ یوکے میں اپنی نئی فلم کمپنی پنک لاما فلمز کھول رہی ہیں جو پاکستان سمیت بین الاقوامی پراجیکٹس پر کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وہ پنک لاما فلمز کے ذریعے ایسی فلمیں اور ویب سیریز بنائیں گی جس میں اسلاموفوبیا اور اینٹی پاکستان سٹیریوٹائپ پراپیگنڈے کو ختم کیا جا سکے گا۔

اہلیہ کو شادی سے پہلے ایک تحفہ دیا تھا' بہروز سبزواری

شادی کو 37 برس گزر گئے ہیں، خوشگوار زندگی گزر رہی ہے' سینئر اداکار

لاہور (شوبز نیوز) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے کہا ہے کہ شادی کو 37 برس گزر گئے ہیں اور خوشگوار زندگی گزر رہی ہے، شادی سے پہلے اہلیہ کو ایک تحفہ دیا تھا۔ ایک انٹرویو میں بہروز سبزواری نے کہا کہ ہماری منگنی 1985 میں اور شادی 1986 میں ہوئی اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہماری ارینج انگیجمنٹ اور لو میرج تھی۔ شادی سے پہلے میں نے اپنی اہلیہ سفینہ کو جو پہلا تحفہ دیا تھا وہ ایک گلے کی چین تھی۔ ہماری شادی کو 37 کا طویل عرصہ گزر گیا ہے اور الحمد اللہ انتہائی خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں اور انتہائی خوش ہیں۔ الحمد اللہ انتہائی خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں اور انتہائی خوش ہیں۔

اداکار شکیل نے لازوال اداکاری کے انمٹ نقوش چھوڑے' شوبز شخصیات

لاہور (شوبز نیوز) شوبز شخصیات نے سینئر اداکار شکیل کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اداکار شکیل نے اپنی لازوال اداکاری کے انمٹ نقوش چھوڑے، شکیل نے جو بھی کردار ادا کیا وہ ان کی شناخت بن گیا۔ سینئر اداکار منور سعید، جاوید شیخ، غلام محی الدین، نعمان اعجاز، بشریٰ انصاری، مرینہ خانہ، سکینہ سموں، ثانیہ سعید، شہزاد رضا سمیت دیگر نے شکیل کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شکیل نہ صرف ایک بہترین اداکار بلکہ شفیق اور محبت کرنے والے انسان تھے، ان سے جڑی ہوئی یادوں کو شاید ہی بھلایا جا سکے گا۔

چاند رات کو شاپنگ کرنے سے سخت چڑ ہے' بشریٰ انصاری

مجھے افراتفری میں شاپنگ کرنا اچھا نہیں لگتا' سینئر اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ مجھے چاند رات کو شاپنگ کرنے سے سخت چڑ ہے اس لئے میں عید سے قبل ہی اپنی تمام تر تیاریاں مکمل کر لیتی ہوں۔ ایک انٹرویو میں بشریٰ انصاری نے کہا کہ مجھے افراتفری میں شاپنگ کرنا اچھا نہیں لگتا، بہت سے لوگوں کو دیکھا ہے جو چاند رات کو شاپنگ کرتے ہیں اور اگلے روز افسردہ ہوتے ہیں کہ کوالٹی اچھی نہیں، سائز میں فرق آ گیا ہے۔ میں اسی لئے تمام خواتین سے کہتی ہوں کہ کوشش کریں عید سے پہلے شاپنگ سے متعلق تمام تر تیاریاں مکمل کر لیں۔

فلموں میں کام کیا بھی تو پانچ چھ سال بعد کروں گی' علیزے شاہ

میں نے چھ سال کی عمر میں وسیم اکرم کے ساتھ پہلا کمرشل کیا تھا' انٹرویو

لاہور (شوبز نیوز) خوبرو اداکارہ علیزے شاہ نے کہا ہے کہ اگر میں نے فلموں میں کام کیا بھی تو پانچ چھ سال بعد کروں گی، میں نے چھ سال کی عمر میں بہت بڑا کمرشل کیا تھا جس میں قومی ٹیم کے سابق کپتان وسیم اکرم تھے، میں نے اس کے بعد بھی ان کے ساتھ کام کیا۔ ایک انٹرویو میں علیزے شاہ نے کہا کہ ڈرامہ سیریل "عہد وفا" کا تجربہ بہت اچھا رہا اور یہ میرے کیریئر کا سب سے یادگار کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سارے کردار ادا کرنے کی خواہش ہے اور ان کے لئے سوچتی رہتی ہوں۔ انہوں نے فلموں کے حوالے سے کہا کہ میں نے کبھی فلموں میں کام کرنے کا سوچا نہیں تھا، مجھے شروع سے ہی ڈراموں میں کام کرنے کا شوق تھا۔ اگر میں نے فلم نے دوبارہ فلم میں کام کیا تو پانچ چھ سال بعد کروں گی۔

SPORTS سپورٹس

سری لنکا نے آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کیلئے کوالیفائی کر لیا

زمبابوے کی جانب سے شان ولیمز 56 اور سکندر رضا 31 رنز بنا کر نمایاں رہے

بلاوایو (سپورٹس نیوز) آئی سی سی ورلڈ کپ کوالیفائر کے سپر سکس مرحلے میں سری لنکا نے زمبابوے کو 9 وکٹوں سے ہرا کر ورلڈ کپ کیلئے کوالیفائی کر لیا۔ زمبابوے کے بلاوایو سپورٹس کلب میں کھیلے گئے آئی سی سی ورلڈ کپ کوالیفائر کے میچ میں زمبابوے کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 32.2 اوورز میں 165 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ زمبابوے کی جانب سے شان ولیمز 56 اور سکندر رضا 31 رنز بنا کر نمایاں رہے، مہیش تھیکشنا نے چار اور دلشان مدوشنکا نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 166 رنز کا ہدف سری لنکا نے محض 33.1 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا، پاتھم نسانکا نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 101 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، مہیش تھیکشنا کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ زمبابوے کے بلاوایو سپورٹس کلب میں کھیلے گئے آئی سی سی ورلڈ کپ کوالیفائر کے میچ میں زمبابوے کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 32.2 اوورز میں 165 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ زمبابوے کی جانب سے شان ولیمز 56 اور سکندر رضا 31 رنز بنا کر نمایاں رہے، مہیش تھیکشنا نے چار اور دلشان مدوشنکا نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ 166 رنز کا ہدف سری لنکا نے محض 33.1 اوورز میں ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا، پاتھم نسانکا نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 101 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، مہیش تھیکشنا کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

ایشیز سیریز: آسٹریلیا نے دوسرے ٹیسٹ میں بھی انگلینڈ کو شکست دیدی

آسٹریلیا کی جانب مچل سٹارک، کمنز اور ہیزل ووڈ نے 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی

لارڈز (سپورٹس نیوز) ایشیز سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے آخری روز آسٹریلیا نے انگلینڈ کو 43 رنز سے شکست دیدی۔ انگلینڈ کی جانب سے بین ڈکٹ اور کپتان بین سٹوکس کے علاوہ کوئی کھلاڑی زیادہ دیر تک آسٹریلین گیند بازوں کا سامنا نہ کر سکا، دونوں بلے بازوں نے بالترتیب 83 اور 155 رنز کی شاندار باری کھیلی۔ آسٹریلیا کی جانب مچل سٹارک، کمنز اور ہیزل ووڈ نے 3،3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی جبکہ کیمرون گرین نے ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ آسٹریلیا کے پیٹ کمنز اور ایتھن لیون نے نویں وکٹ پر 281 رنز کے تعاقب میں 55 رنز کی ناقابل شکست شراکت داری قائم کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی تھی۔ واضح رہے کہ ایشیز سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا نے انگلینڈ کو سنسنی خیز مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے شکست دی تھی۔

ویسٹ انڈیز ویمن نے تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں آئرلینڈ ویمن کو 6 وکٹوں سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز 0-2 سے جیت لی

سینٹ لوشیا (سپورٹس نیوز) ویسٹ انڈیز ویمن نے تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں آئرلینڈ ویمن کو 6 وکٹوں سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز 0-2 سے جیت لی، آئرلینڈ ویمن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں تمام وکٹوں کے نقصان پر 203 رنز بنائے، گیبی لیوئس نے عمدہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 95 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، ویسٹ انڈیز کی ایفی فلیچر نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ویسٹ انڈیز نے مطلوبہ ہدف 41.1 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ سٹیفنی ٹیلر نے 79 اور چنیل ہینری نے 53 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، سٹیفنی ٹیلر کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ ویسٹ انڈیز ویمن نے تیسرے اور آخری ون ڈے میچ میں آئرلینڈ ویمن کو 6 وکٹوں سے ہرا کر تین میچوں کی سیریز 0-2 سے جیت لی، آئرلینڈ ویمن نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں تمام وکٹوں کے نقصان پر 203 رنز بنائے، گیبی لیوئس نے عمدہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور 95 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی، ویسٹ انڈیز کی ایفی فلیچر نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ویسٹ انڈیز نے مطلوبہ ہدف 41.1 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔

ریڈبال کرکٹ میں بھی پاکستان کی نمائندگی کرنا چاہتا ہوں، شاداب خان

گفتگو کرتے ہوئے لیگ سپنر نے کہا کہ ابھی 4 روزہ میچز میں شرکت کا وقت نہیں مل رہا

لاہور (سپورٹس نیوز) معروف قومی کرکٹر شاداب خان نے کہا ہے کہ میں ریڈ بال کرکٹ میں بھی پاکستان کی نمائندگی کرنا چاہتا ہوں۔ ایک انٹرویو کے دوران گفتگو کرتے ہوئے لیگ سپنر نے کہا کہ ابھی 4 روزہ میچز میں شرکت کا وقت نہیں مل رہا، ورلڈ کپ کے بعد ڈومیسٹک کرکٹ میں بھی حصہ لوں گا، طویل فارمیٹ کے مقابلوں میں شرکت سے ہی خود کو ٹیسٹ کرکٹ کیلئے تیار کرتے ہوئے کم بیک کروں گا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں انگلینڈ نے نیا انداز متعارف کروایا ہے جس سے شائقین دوبارہ ٹیسٹ کرکٹ میں دلچسپی لے رہے ہیں۔

بھارت میں ورلڈ کپ؛ پاکستانی ماتھے پر تشویش کی لکیریں نمایاں ہو گئیں

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کو بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ میں اپنی ٹیم کی سیکیورٹی پر خدشات لاحق ہیں جب کہ شرکت کی اجازت کیلیے پی سی بی نے حکومت کو خط بھیج دیا۔ پاکستان کو بھارت میں اپنی ٹیم کی سیکیورٹی پر تشویش لاحق ہے، پی سی بی نے دورے کی اجازت کے حوالے سے حکومت کو خط بھیج دیا، ورلڈ کپ سے قبل سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلیے وفد بھارت کا دورہ کرے گا، مہمان آفیشلز اپنی ٹیم کے میچ وینیوز، ہوٹلز سمیت دیگر معاملات کا مشاہدہ کرتے ہوئے تفصیلی۔

حکومت نے پی سی بی منیجمنٹ کمیٹی دور کا تمام ریکارڈ دوبارہ مانگ لیا

پی سی بی منیجمنٹ کمیٹی کے دور میں اخراجات کے تمام ریکارڈ کی فراہمی یقینی بنائی جائے

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر پی سی بی ریکارڈ کی فراہمی سے گریزاں ہے جبکہ وفاقی حکومت نے منیجمنٹ کمیٹی دور کا تمام ریکارڈ دوبارہ مانگ لیا ہے۔ حکومت نے پی سی بی چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کو دوبارہ یاددہانی کا خط لکھ دیا جس میں نجم سیٹھی دور میں بھرتیوں کا تمام ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، کوچز سمیت کنٹریکٹ اور مستقل بنیادوں پر رکھے گئے تمام افراد کا ڈیٹا بھی فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ پی سی بی منیجمنٹ کمیٹی کے دور میں اخراجات کے تمام ریکارڈ کی فراہمی یقینی بنائی جائے، منیجمنٹ کمیٹی کے ممبران پر اٹھنے والے اخراجات اور نجم سیٹھی دور میں ہونے والے معاہدوں کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔ منیجمنٹ کمیٹی کے دور میں کوچز اور آفیشلز کیخلاف کتنی انکوائریاں ختم کی گئی ہیں۔

PAKISTAN CRICKET BOA

کیریبیئن لیگ، اعظم خان سب سے مہنگے پاکستانی کرکٹر بن گئے

کراچی (سپورٹس نیوز) اعظم خان کیریبیئن پریمیئر لیگ میں سب سے زیادہ معاوضہ پانے والے پاکستانی کرکٹر بن گئے۔ 24 سالہ بیٹر اعظم خان کو گیانا ایمازون واریئرز نے منتخب کیا ہے، فرنچائز کی جانب سے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر کو ایک لاکھ 20 ہزار ڈالرز دیے جائیں گے، یہ اس بار کسی بھی پاکستانی کو اس لیگ میں ملنے والا سب سے زیادہ معاوضہ ہوگا۔ اعظم خان اس قبل سی پی ایل میں بارباڈوس رائلز کا حصہ رہے ہیں، رواں سال کا ایڈیشن 16 اگست سے 24 ستمبر تک شیڈول ہے، عماد وسیم اور محمد عامر کو ایک بار پھر دفاعی چیمپئن جمیکا تلاواز نے منتخب کر لیا ہے۔ یہ اس بار کسی بھی پاکستانی کو اس لیگ میں ملنے والا سب سے زیادہ معاوضہ ہوگا۔ اعظم خان اس قبل سی پی ایل میں بارباڈوس رائلز کا حصہ رہے ہیں، رواں سال کا ایڈیشن 16 اگست سے 24 ستمبر تک شیڈول ہے، عماد وسیم اور محمد عامر کو ایک بار پھر دفاعی چیمپئن جمیکا تلاواز نے منتخب کر لیا ہے۔

آئی سی سی میٹنگز؛ پی سی بی کی نمائندگی کون کرے گا؟

لاہور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی سالانہ میٹنگ میں پاکستان کی نمائندگی قائم مقام چیئرمین پی سی بی شہزاد فاروق رانا کریں گے۔ عدالتی احکامات پر بورڈ کے مستقل سربراہ کا انتخابی عمل روک دیا گیا تھا، آئین کے تحت اختیارات اس وقت الیکشن کمشنر شہزاد فاروق رانا کے پاس ہیں، وہ ڈربن میں 10 سے 13 جولائی تک ہونے والی آئی سی سی میٹنگز میں ملک کی نمائندگی کریں گے جبکہ معاونت کیلئے پی سی بی کے ایک، دو عہدیدار بھی ہمراہ ہوں گے۔ بھارت میں رواں سال اکتوبر میں ہونے والے ورلڈ کپ کے معاملات زیرغور آئیں گے۔

نیلسن مینڈیلا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام: کھلاڑیوں کے ٹرائلز مکمل

اس موقع پر قومی ٹیسٹ کرکٹر سرفراز احمد نے کہا کہ سلیکٹرز نے اچھے ٹیلنٹ کا انتخاب کیا ہے

کراچی (سپورٹس نیوز) نیلسن مینڈیلا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت کھلاڑیوں کے ٹرائلز مکمل کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق نیلسن مینڈیلا ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے ایمبیسڈر سرفراز احمد کی اصغر علی شاہ سٹیڈیم آمد، کھلاڑیوں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر قومی ٹیسٹ کرکٹر سرفراز احمد نے کہا کہ سلیکٹرز نے اچھے ٹیلنٹ کا انتخاب کیا ہے، منتخب کردہ کھلاڑیوں کی 4 ٹیمیں بنیں گی، اگست میں ان ٹیموں کے درمیان میچز ہوں گے، جب ہماری ٹیم مکمل ہو جائیگی پھر ہم ساتھ ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹور پر جنوبی افریقہ جانے کا ارادہ ہے، جو ہم نے سیکھا ہے وہی کھلاڑیوں میں منتقل کرینگی کوشش کرینگے، ورلڈ کپ اور ایشیا کپ سے قبل جتنے میچز کھیلیں گے وہ اچھا رہیگا۔ سرفراز احمد کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کو ورلڈ کپ کی ٹاپ فور ٹیموں میں دیکھتا ہوں، امید یہی ہے کہ پاکستان ٹیم یہ ورلڈ کپ جیتے گی، پاکستان اور سری لنکا کے کنڈیشنز ملتی جلتی ہیں، دونوں ممالک میں اس وقت گرم موسم ہے۔

بقیہ 1

ا 2015 میں نواز شریف کے دور میں غریبوں کو علاج کی سہولت فراہم کرنے کیلئے کیا گیا تھا، اس سہولت کو بند نہیں کریں گے، دل کے آپریشن کی سہولت کو دوبارہ سے ٹارگٹڈ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 2

حکومت اسلاموفوبیا پر مبنی اس عمل کو سختی سے مسترد کرتی ہے۔ سویڈش حکومت کا کہناہیکہ یہ واقعہ سویڈن کی حکومت کا موقف واضح نہیں کرتا ہے۔ اس واقعے کے خلاف عالم اسلام سراپا احتجاج ہے اور دنیا بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے، اسلامی تعاون تنظیم کی ایگزیکٹو کمیٹی نے آئندہ ہفتے ہنگامی اجلاس بلالیا ہے، اجلاس میں ضروری اقدامات سے متعلق اجتماعی موقف اپنایا جائیگا۔ پاکستان سمیت عراق، ایران، سعودی عرب اور مشرق وسطی کے دیگر ممالک نے سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس طرح کا عمل دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچاتا ہے۔ دوسری جانب یورپی یونین نے بھی قرآن کریم کی بے حرمتی کے عمل کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ جارحانہ، بے عزتی اور واضح طور پر اشتعال انگیزی پر مبنی ہے۔

یورپی یونین کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق یورپی یونین مذہب یا عقیدے اور اظہار رائے کی آزادی کیلئے کھڑی ہے، نسل پرستی، نفرت انگیزی، عدم برداشت کی یورپ میں کوئی جگہ نہیں، بے حرمتی کا واقعہ ایسے وقت پر کیا گیا جب مسلمان عیدالاضحیٰ منا رہے تھے۔ یورپی یونین کا مزید کہنا تھا کہ وقت آ گیا ہے باہمی افہام وتفہیم اور احترام کیلئے ایک ساتھ کھڑے ہو جائیں، یہ بڑھتے ہوئے تنازعات کو روکنے کا وقت ہے۔

بقیہ 3

رہا ہے، طالبان کے قبضے کے بعد سے افغان طلبا کے لیے بھارت کی غیر متزلزل حمایت دکھاوے سے زیادہ کچھ نہیں ، بھارت نے افغان شہریوں کو پہلے سے جاری کیے گئے تمام ویزے منسوخ کردیئے، ان میں زیادہ تر ویزے طالبعلموں کے ہیں ۔ رپورٹ کے مطابق بھارت کی جانب سے افغان طلبا کو ویزا جاری کرنے سے انکار کے باعث آن لائن امتحانات ممکن نہیں، ہندوستانی یونیورسٹیوں میں 2500 سے زیادہ افغان طلبا ویزا مسائل کی وجہ سے افغانستان میں ہی پھنس گئے ہیں ۔ افغان طلبا کے احتجاج پر جے شنکر نے سکیورٹی خدشات، غیر اعتمادی اور ویزا سسٹم کی کارکردگی کا حوالہ دیا، بہت سے افغان طلبا کو انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشنز کی طرف سے سکالرشپ مہیا کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق ویزا سے انکار کے باعث یونیورسٹیوں نے داخلے منسوخ کرنا شروع کردیئے ہیں، چندی گڑھ یونیورسٹی میں پولیٹیکل سائنس کی 22 سالہ طالبہ یاسمین عظیمی کی ویزا درخواست تین بار مسترد ہوچکی۔ 2022 میں صرف 300 ای ویزا جاری کیے گئے تھے جس کی وجہ سے افغان طلبا ہندوستان میں اپنی تعلیم جاری کرنے سے قاصر ہیں، اس دوران، پاکستان نے افغان طلبا کو 4,500 مکمل فنڈڈ وظائف کی پیشکش کی اس حوالے سے افغان طلبا کا کہنا ہے "ہم سمجھتے تھے کہ بھارت ہمارا دوسرا گھر ہے لیکن اس نے ہمیں اکیلا چھوڑ دیا،" کونسل آن فارن ریلیشنز رپورٹ کے مطابق بی جے پی حکومت میں ہندوستانی مسلمانوں سے امتیازی سلوک میں شدت آئی ہے، آئی سی سی آر نے 140 ممالک کے طلبا کو سالانہ 3940 مکمل فنڈ ڈ وظائف دیئے ہیں، ریگولر کلاسز دوبارہ شروع ہونے کے بعد، یونیورسٹیوں کی جانب سے آن لائن کورسز کی سہولت اب میسر نہیں، سینکڑوں افغان طلبا ڈگری کورس تقریباً مکمل کر چکے، مگر آخری امتحان میں شرکت نہیں کر سکتے، ہندوستان میں کئی طلبہ رہنما سفارتخانوں میں متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھا رہے ہیں لیکن اس کوشش کا کوئی فائدہ نہیں ہو رہا۔ افغان طلبا کو وظائف سے انکار ہندوستان کے مکروہ چہرے کو بے نقاب کرتا ہے۔

بقیہ 4

اندراس دفعہ کوئی حادثہ پیش نہیں آیا، حاجیوں نے خوشی اور اطمینان کا مظاہرہ کیا ہے، 30 لاکھ حجاج کرام سعودی عرب آئے، یہ تاریخ کا سب سے بڑا حج تھا، پچھلے برس ایک چھوٹا حج تھا، میں نے مختلف جگہوں کا دورہ بھی کیا، ہزاروں حاجیوں سے ملاقاتیں ہوئیں، ہمارے حج مشن نے بھی پاکستانیوں کی بھرپور مدد کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ فریضہ حج کی ادائیگی کے دوران کسی دوسرے ملک کو معاملات میں مداخلت کی اجازت نہیں تھی، اگلے سال کیلئے 1 لاکھ 79 ہزار 210 حاجیوں کا کوٹہ لے کر آیا ہوں، آج پی آئی اے کی تین پروازیں سعودی عرب سے روانہ ہوئی ہیں، پہلے حاجیوں کو کراچی، لاہور اور فیصل آباد لایا جائے گا، اب ہمارا پوسٹ حج آپریشن شروع ہو گیا ہے جو کام آخری دنوں میں ہوتے تھے ہم ابھی کروا کرلے آئے ہیں۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے کہا ہے کہ پہلے آپ پہلے پاکے طریقے پر چلیں گے، جنوری 2024 سے حاجیوں کو بھیجنے کی تیاری مکمل کرنی ہے، اپریل کے آخر تک ویزے مکمل کرنے ہیں، اب روپوں کی بجائے ڈالرز میں حج کروائیں گے، لوگ کہتے ہیں روپوں میں حج مہنگا پڑتا ہے، میں نے پہلی بار سعودی وزیر مذہبی امور کے سامنے احتجاج ریکارڈ کروایا ہے، سعودی وزیر مذہبی امور کو میں نے تمام مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ سعودی وزیر مذہبی امور نے مسائل کے سدباب کی یقین دہانی کروائی ہے، جلد حاجیوں کی ٹریننگ کا پروگرام شروع کریں گے، مجھے رائل حج کی آفر تھی، مگر ایک عام حاجی کی طرح حج کا فریضہ انجام دیا، میں خود اپنے خرچے پر حج کر کے آیا ہوں، میں اپنے احتساب کیلئے بھی تیار ہوں، میں نے کسی کو مفت حج نہیں کرنے دیا، میں حاجیوں کے پیسے چوری نہیں ہونے دوں گا۔

بقیہ 5

درمیان باہمی احترام اور ہم آہنگی کو نقصان پہنچاتے ہیں جبکہ رواداری اور اعتدال پسندی جیسے اقدار کے پھیلاؤ اور انتہا پسندی کو مسترد کرنے کی بین الاقوامی کوششوں سے متصادم ہیں۔ او آئی سی کی جانب سے جاری اعلامیے میں متعلقہ ممالک کی حکومتوں پر زور دیا گیا کہ وہ ان گھناؤنے حملوں کی روک تھام سمیت قرآن اور دیگر اسلامی اقدار، علامتوں اور مقدسات کی بے حرمتی کی تمام کوششوں کی مذمت کرتے ہوئے ایسے واقعات کے سلسلے کو روکنے کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں۔ او آئی سی نے تمام ممالک پر عائد ذمہ داری کا اعادہ کیا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت نسل، جنس، زبان یا مذہب کی تفریق کے بغیر انسانی اور بنیادی حقوق کا احترام اور ان کی پابندی کا فروغ تمام ریاستوں پر فرض ہے، ذمہ داری کے ساتھ اور متعلقہ بین الاقوامی انسانی حقوق کے قوانین کے مطابق آزادی اظہار کے حق کا استعمال کیا جائے۔ واضح رہے کہ چندروز قبل سٹاک ہوم کی بڑی مسجد کے سامنے عراق سے تعلق رکھنے والے 37 سالہ پناہ گزین سلوان مومیکا نے قرآن کی بے حرمتی کی تھی۔ یورپی یونین نے بھی اس واقعے کو شدید انداز میں مسترد کرتے ہوئے اسے جارحانہ، توہین آمیز اور اشتعال انگیزی پر مبنی اقدام قرار دیا ہے۔

بقیہ 6

چیئرمین سینٹ نے متعلقہ سینٹرز کو بل واپس لینے کی ہدایات جاری کردیں۔ صادق سنجرانی نجی بل کو فائنانس بل کے ساتھ منظور کروانا چاہتے تھے۔ حکومتی وزرا نے گزشتہ دنوں قومی اسمبلی میں چیئرمین سینیٹ کی مراعات سے متعلق بل کی شدید مخالفت کی تھی۔ صادق سنجرانی نے حکومتی وزرا کے ردعمل کے بعد بل واپس لینے کا فیصلہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ مراعات بل، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین نور عالم خان نے قومی اسمبلی کے فلور پر بل کی مخالفت کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ مشکل معاشی صورتحال میں تنخواہوں اور مراعات میں اضافہ کسی طور بھی قابل قبول نہیں ہے۔ منگل کے روز پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پی اے سی نے کہا کہ اس وقت ملک شدید معاشی حالات کا شکار ہے اور تمام ادارے قرضوں پر چل رہے ہیں ان حالات میں تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کا بل پیش نہیں ہونا چاہیے اور ہم اسمبلی کے فلور پر اس کی مخالفت کریں گے انہوں نے کہا کہ اراکین اسمبلی اور سینیٹرز کی تنخواہیں اور مراعات گریڈ 22 کے آفسران کے برابر ہونی چاہیے جو کہ اس وقت نہیں ہیں ان حالات میں چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کی تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کا بل پیش کرنا اور ایسی مراعات مانگنا جس میں تاحیات سہولیات حاصل ہوں درست نہیں ہے انہوں نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ کیلئے سرکاری جہاز نہ ہونے کی صورت میں نجی ایئرلائن سے جہاز چارٹرڈ کرنا اور ان کے لے پالک بچوں کا علاج بھی پرائیویٹ ہسپتالوں سے کرانے کا بل کسی طور پر قبول نہیں ہے یہ اسلام اور شریعت کے بھی خلاف ہے ہم اس کی اسمبلی کے فلور پر شدید مخالفت کریں گے۔

بقیہ 7

پاکستان جنت البقیع گئے، ظہر کی نماز ادا کی، عارف علوی نے ریاض الجنۃ میں بھی نوافل ادا کئے، مسجد نبوی ﷺ میں بڑی تعداد میں پاکستانیوں نے صدر مملکت کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے جبکہ ڈاکٹر عارف علوی نے ہاتھ ہلا کر ان کے نعروں کا جواب دیا۔ اس سے قبل روضہ رسول ﷺ پہنچنے پر مسجد نبویؐ امور کے معاون ڈاکٹر نبیل بن محمد اللحید ان، مسجد نبوی کی سکیورٹی فورس کے کمانڈر کرنل معب البدرانی اور دیگر عہدیداروں نے ان کا خیر مقدم کیا۔ اس سے پہلے صدر ڈاکٹر عارف علوی نے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے بھی ملاقات کی تھی۔

بقیہ 8

شہید ہوئے، سکیورٹی فورسز کی جوابی فائرنگ میں ایک حملہ آور بھی مارا گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے واقعے کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے۔ وزیراعلی بلوچستان کی مذمت وزیراعلی بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے شیرانی میں سکیورٹی چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بزدلانہ کارروائیاں فورسز کے حوصلے پست نہیں کرسکتیں، سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں۔ عبدالقدوس بزنجو کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز پختہ عزم وحوصلے کے ساتھ ملک وقوم کا تحفظ یقینی بنارہی ہیں۔

بقیہ 9

وے کے کھولنے کی وجہ سے اخراج ایک لاکھ 98 ہزار فٹ تک بڑھ گیا۔ سپل وے بند ہونے کے بعد ڈیم سے پاور ہاس کے راستے اخراج ایک لاکھ 50 ہزار کیوسک ہے، تربیلا ڈیم میں پانی کی آمد 2 لاکھ 12 ہزار کیوسک ہے۔

بقیہ 10

کے مطابق عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز میاں بیوی کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ ایس ایچ او شاہ لطیف کے مطابق کراچی کے علاقے شاہ لطیف میں شوہر کا بیوی سے جھگڑا ہو گیا۔ شوہر نے طیش میں آکر خاتون کے سر پر لوہے کے سریے سے وار کردیا جس کے نتیجے پر وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ ملزم بیوی کو قتل کرنے کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ خاتون کی عمر 25 سال کی ہے، جس کی ایک بیٹی بھی ہے۔ پولیس کے مطابق آلہ قتل برآمد کر لیا گیا ہے جبکہ خاتون کی لاش کو قانونی کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ مقتولہ کے شوہر کی گرفتاری کے لیے دو مقامات پر چھاپے بھی مارے گئے تاہم گرفتاری تاحال ممکن نہ ہو سکی۔ اسی طرح صحبت پور میں شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کردیا۔ پولیس کے مطابق صحبت پور کے علاقے پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی حدود میں گوٹھ درانی لہڑی کے رہائشی نثار احمد لہڑی نے گھریلو ناچاقیوں کی وجہ سے پستول سے فائرنگ کر کے اپنی بیوی کو قتل کردیا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ پولیس کے مطابق ملزم موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا جس کی تلاش جاری ہے۔ جب کہ 14 سال قبل اقدام قتل کیس میں راضی نامہ کے باوجود مخالف نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا، جبکہ ملزم موقع سے فرار ہوگیا۔

بقیہ 11

پابندیاں لگانے کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق کچھ فارماسسٹس کی جانب سے بین الاقوامی مالیاتی اداروں کو خطوط اور ای میل بھی لکھی گئیں۔ محکمہ صحت کے حکام نے کارروائی کے لیے ایف آئی اے اور انٹیلیجنس ایجنسیوں سے رجوع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔

بقیہ 12

کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ نگران وزیراعلی پنجاب نے مزید کہا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں صفائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے پر متعلقہ اداروں کی کارکردگی قابل تعریف رہی، اسی جذبے، محنت اور لگن سے کام کرتے ہوئے اپنے شہروں کو خوبصورت اور صاف ستھرا بنانے کا کام تسلسل کے ساتھ جاری رکھنا ہے۔

بقیہ 13

ہیں، بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کے سفیر ہیں، اوورسیز پاکستانی باہمی تعلقات کے فروغ کیلئے کردار ادا کریں، چاہتے ہیں جاپان میں مقیم پاکستانی برادری کے مسائل حل ہوں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر میں بھی پوٹینشل ہے، نوجوانوں کو ہنرمند اور باصلاحیت بنانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں، آج کل پاکستان میں آم کا سیزن ہے، پوری دنیا میں پاکستانی آم پسند کیا جاتا ہے، چاہتے ہیں پاکستان اور جاپان میں زراعت کے شعبے میں ایکسپورٹ بڑھے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے کہا ہے کہ پاکستان کے آئی ٹی سیکٹر میں بھی پوٹینشل ہے اس سیکٹر میں بھی تعلقات میں اضافہ ہونا چاہیے، پاکستان کی آبادی میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، پاکستان کی 65 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، پاکستان کے نوجوانوں کو روزگار کے مواقع ملنے چاہئیں۔ علاوہ ازیں وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے جاپانی بزنس ایگزیکٹوز جائیکا اور جیٹرو کے نمائندوں نے ملاقات کی اس موقع پر سرمایہ کاری اور تجارت سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 14

ویب سائٹ ٹوئٹر پر حماد اظہر نے لکھا ہے کہ مہنگائی ان کے دور میں 3 گنا بڑھ گئی، لوڈشیڈنگ کی واپسی اور صنعت تباہ ہو گئی۔ حماد اظہر نے لکھا کہ اب غیر جمہوری سازشوں اور جبر کے علاوہ ان کے لیے کوئی امید نہیں کیونکہ عوام میں یہ نفرت کی علامت بن چکے ہیں۔

بقیہ 15

کہ استحکام پاکستان پارٹی کے رہنماؤں نے نواز شریف سے رابطے کے دوران پنجاب حکومت کی سیاست پر گفتگو کی۔ نواز شریف آئندہ ہفتے پیپلز پارٹی کی قیادت سے ایک اور ملاقات بھی کریں گے۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعظم کی ابھی متعدد اہم ملاقاتیں شیڈول ہیں اور وہ دبئی میں مزید ایک ہفتہ قیام کریں گے۔ ملاقاتوں میں پاکستان کے معاشی نظام کی بہتری کے لیے صلاح مشورے ہوں گے۔ سفارتی ذرائع کا کہنا ہے کہ دوست ممالک اور سرمایہ کار پاکستان میں سیاسی استحکام کی خواہش مند ہیں ذرائع کے مطابق عید کے دوسرے روز نواز شریف نے پیٹرولیم سیکٹر سے وابستہ غیر ملکی وفود سے ملاقات کی، ملاقات میں معاشی نظام کی بہتری کے لیے آئل سیکٹر میں سرمایہ کاری پر گفتگو کی گئی۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ غیر ملکی وفود سے ہونے والی ملاقات میں پیٹرولیم مصنوعات میں استحکام سے ملکی معیشت میں بہتری لانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کئی دوست ممالک کی طرف سے معاشی سرگرمی اور سرمایہ کاری پر نواز شریف کے ساتھ تبادلہ خیال جاری ہے۔ یہاں واضح رہے کہ نواز شریف نے گزشتہ دنوں دبئی میں آصف زرداری، بلاول بھٹو، مریم نواز سمیت دیگر کئی اہم سیاسی رہنماؤں سے دبئی میں اہم ملاقاتیں کی تھیں۔ سابق وزیراعظم نواز شریف گزشتہ کئی روز سے دبئی میں قیام پزیر ہیں اور انہوں نے فیملی کے افراد کے ساتھ عید بھی دبئی میں ہی منائی، مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر مریم نواز بھی دبئی میں اپنے والد کے ساتھ موجود ہیں۔

بقیہ 16

کا خود خیر مقدم کیا، گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کراچی پہنچنے والے حجاج کرام کا ہوائی اڈے پر استقبال کیا۔ پی آئی اے کے ترجمان عبداللہ حفیظ خان کی طرف سے اتوار کو جاری بیان کے مطابق پی آئی اے نے بعد از حج آپریشن کا آغاز کردیا ہے اور اتوار کو چار پروازیں آپریٹ کی گئی ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ پی کے۔832 جدہ سے 432 حجاج کرام کو لیکر 3 بجکر 20 منٹ پر کراچی پہنچی۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے حجاج کرام کا ہوائی اڈے پر استقبال کیا۔ پی کے 760 جدہ سے 323 حجاج کرام کے ہمراہ لاہور پہنچی جہاں پی آئی اے اور سول ایوی ایشن اتھارٹی اور ائیرپورٹ انتظامیہ نے حجاج کرام کا استقبال کیا۔ اسی طرح پی کے 762 جدہ سے 392 مسافروں کے ساتھ اسلام آباد پہنچی، وفاقی وزیر مذہبی امور سینیٹر محمد طلحہ محمود مسافروں کے ہمراہ جدہ سے تشریف لائے۔ انہوں نے خود مسافروں کا پاکستان میں استقبال کیا۔

بقیہ 17

کے کنٹرول روم سے ڈیجیٹل طریقے سے مانیٹر کرنے سے خاطر خواں نتائج برآمد ہوئے۔ جسے عوام الناس کی جانب سے خوب پذیرائی حاصل ہوئی جس کی بدولت راولپنڈی کینٹ بورڈ کو مجموعی طور پر 650 شکایات کا فوری ازالہ کردیا گیا جبکہ سینی ٹیشن برانچ کے عملہ نے عید کے تینوں دنوں جانفشانی اور لگن سے کام کرتے ہوئے قربانی کے جانوروں کے فضلے) آلائشیں (ٹھکانے لگانے کا عمل مکمل کیا اس سلسلہ میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی عمران گلزار نے کینٹ کے مختلف علاقوں اور دفتر میں موجود کنٹرول روم کا دورہ کیا اور تمام ترامور کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جبکہ کینٹ کے تمام علاقوں سے آلائشوں کو ٹھکانے لگانے پر کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر عمران گلزار نے اطمینان کا اظہار کیا اور عملہ کی کارکردگی کو سراہا راولپنڈی کینٹ کی جانب سے عید کے تینوں دنوں میں 3300 ٹن آلائشیں ٹھکانے لگادی گئی ہیں جن کو ٹرنچینگ گراؤنڈ میں دفن کرکے مٹی کی تہہ لگادی گئی ہے اجتماعی قربان گاہوں سے تمام تر آلائشوں کو ٹھکانے لگادیا گیا ہے جبکہ کینٹ کے تمام علاقوں میں ٹرانسفر اسٹیشن کو مکمل طور پر کلیئر کردیا گیا ہے اور تمام اجتماعی قربان گاہوں اور ربش پوائنٹس پر سپرے بھی کردیا گیا ہے اس عمل کو عوامی حلقوں کی جانب سے خوب سراہا گیا

بقیہ 18

کی۔ ایس پی پوٹھوہار کے مطابق ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، زیادتی جیسے واقعات نا قابل برداشت ہیں اس حوالے سے زیرو ٹالیرنس پالیسی کو یقینی بنایا جارہا ہے

بقیہ 19

ڈیوٹی سے حکومت کو 15 ارب کا ٹیکس ملے گا، غیر معیاری بلب کی تیاری درآمد پر پابندی سے 23 ارب کا ریونیو ملے گا، ای بائیک سے 86 ارب، بلب کے بجائے ایل ای ڈی لائٹ استعمال سے 3 2 ارب کی بچت ہوگی، حکام کے مطابق مارکیٹیں 4 گھنٹے پہلے بند کرنے سے 62 ارب روپے، 20 فیصد اسٹاف کو ورک فراہم ہوم کی اجازت سے 56 ارب کی بچت ہوگی جبکہ گیزر میں کونیکل بفلز کے استعمال سے 25 فیصد گیس بچے گی۔ پاکستان کو اس مد میں سالانہ 92 ارب کی بچت ہوگی۔

بقیہ 20

5 سے 8 جولائی تک بارکھان، لسبیلہ، ڈی آئی خان اور ملتان میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ حکام کے مطابق 7 اور 8 جولائی کو سکھر، جیکب آباد، ٹھٹھہ، عمر کوٹ اور حیدرآباد میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے حکام کے مطابق 4 سی 7 جولائی تک راولپنڈی اور اسلام آباد میں بارش سے اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، کشمیر اور گلگت بلتستان کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا بھی امکان ہے۔ اس کے علاوہ 6 سے 8 جولائی کو موسلا دھار بارش سے ڈی آئی خان میں سیلابی صورتحال کا خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش سے کمزور انفرا اسٹرکچر کو نقصان پہنچ سکتا ہے، اربن فلڈنگ، لینڈ سلائیڈنگ اور سیلابی صورتحال کے خدشے کے پیش نظر سیاحوں اور متعلقہ اداروں کو محتاط رہنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے

بقیہ 21

جاوید نے دیگر ن لیگی راہنماؤں کے ہمراہ جاتی امراء میں اپنے پیاروں دادا میاں محمد شریف، سابق صدر خاتون اول کلثوم نواز کی قبروں پر حاضری دیکر فاتحہ خوانی کی، جاتی امراء رائے ونڈ میں عیدالاضحیٰ کے دوسرے روز محفل نعت اور فاتحہ خوانی کی اہتمام کیا گیا، سابق وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز، سلمان شہباز، انکے کزن عزیز عباس سمیت دیگر نے قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھانے کے بعد مرحومین کی روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ 22

لوڈ کردیا۔ ترجمان کے مطابق مسافر شاہد علی تعلیم کے غرض سے ہنگری جارہا تھا۔ مسافر کے پاسپورٹ پر ہنگری کا جعلی تعلیمی ویزا اسٹیکر لگا ہوا تھا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق مسافر کے بہنوئی نے 20 لاکھ کے عوض ویزا حاصل کیا تھا۔ مسافر کو ایجنٹ کی نشاندہی اور مزید قانونی کارروائی کے لئے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 23

معاہدے سے معیشت بہتر ہوگی اور پاکستان کے روپے کی قدر میں بہتری آئے گی، معاہدے سے اگلے چند ماہ میں مہنگائی میں کمی آئے گی۔ احسن اقبال نے کہا پاکستان کو نوبڑے چیلنجز کا سامنا ہے جن پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنے نظام عدل کو مضبوط کرنا ہے جس ملک میں عدل نہیں ہوتا وہاں غیر ملکی سرمایہ کار نہیں آتے۔ جب کہ پاکستان ٹیکس بار ایسوی ایشن نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ معاشی حالات، ہماری پالیسیوں اور سمت سے ہرگز یہ نہیں لگتا کہ آنے والے چند سالوں میں ہماری آئی ایم ایف سے جان چھوٹ جائے گی، معیشت کی سست روی اور زمینی حقائق سے یہ واضح اشارے مل رہے ہیں کہ ہمیں آئی ایم ایف سے ایک اور معاہدہ کرنا پڑے گا۔ ان خیالات کا اظہار ایسوی ایشن کے صدر رانا منیر اور جنرل سیکرٹری قمر الزمان چودھری نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو غیر ملکی قرضوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے برآمدات پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ ساتھ غیر معمولی سکیمیں لانا ہوں گی۔ پاکستان میں ایسے اذہان موجود ہیں جو پاکستان کا قرض اتارنے کی منصوبہ بندی اور حکمت عملی مرتب کرنے میں حکومت کو بہترین تجاویز پیش کرسکتے ہیں اس لئے حکومت ایسے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی قرضوں کی وجہ سے پاکستان کی معیشت کی سانسیں بند ہورہی ہیں اور اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ہماری مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سب کو اپنی اپنی سیاست کو پس پشت ڈالتے ہوئے صرف اور صرف قومی سوچ اپنانی چاہیے بصورت دیگر ہمارے پاس سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں بچے گا۔

بقیہ 24

کابل کے سنگم پر قائم یہ پارک ایک چھوٹے جزیرے کا منظر پیش کرتا ہے، گرمیوں میں کنڈ پارک میں اکثر سیاح دریائے کابل میں کشتی کی سیر سے لطف اندوز ہونے کے لیے آتے ہیں۔ یہ پارک 2000ء میں کالے ریچھ کے تحفظ کے لیے ورلڈ سوسائٹی فار پروٹیکشن آف اینملز کے لیے تعمیر کیا گیا تھا تاہم 2010ء کے سیلاب کے دوران پانی کی سطح اوپر آنے کی وجہ سے یہ نایاب ریچھ بھی ہلاک ہوگئے تھے۔ پارک میں جانوروں کے لیے مختص پنجرے آج کل خالی پڑے ہیں کیونکہ انتظامیہ کے مطابق شدید گرمی میں وہ جانوروں کو کسی دوسرے جگہ پر منتقل کرتے ہیں۔ سیاح یاسر علی نے کہا کہ وہ تفریح کے لیے پشاور سے یہاں آئے ہیں، گرمی زیادہ ہے لیکن یہاں کا پانی ٹھنڈا ہے، سیاح یہاں آکر کشتی رانی سے لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 25

کے لئے اچھی خبر یہ ہے کہ محکمہ موسمیات نے کل سے برسات کی پیش گوئی کردی ہے، جس سے ملک میں جاری گرمی کی لہر میں کچھ دن کمی آئے گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہورہی ہیں، جس کے باعث 3 جولائی سے 8 جولائی کے دوران ملک بھر میں مون سون بارشوں کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آج سے جڑواں شہروں راولپنڈی اسلام آباد سمیت پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بیشتر مقامات پر بادل برسیں گے، اور کہیں کہیں موسلادھار بارش اور ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج سے راولپنڈی، اسلام آباد، مری اور گلیات سمیت گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جب کہ 7 اور 8 جولائی کو سکھر، جیکب آباد، گھوٹکی، شہید بینظیر آباد، مٹھی، ٹھٹھہ اور کراچی سمیت مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے موسلادھار بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق 4 سے 7 جولائی تک جڑواں شہروں راولپنڈی، اسلام آباد کے علاوہ پشاور، لاہور اور گوجرانوالہ میں اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے، جب کہ مری گلیات، گلگت بلتستان خیبر پختونخواہ اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا بھی اندیشہ ہے۔ این ڈی ایم اے ریسکیو اداروں کو ایمرجنسی سروس پرسنلز کو الرٹ رکھنے کی ہدایت کرتے ہوئے پی ڈی ایم اے، این ایچ اے اور ضلعی انتظامیہ کو مراسلہ جاری کردیا ہے، جس میں تمام اداروں کو پیشگی اقدامات کرنے اور موٹروے پولیس، ٹریفک پولیس کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کی ہدایت لگیہ پ۔ مراسلے میں سڑکوں پر کسی رکاوٹ کی صورت میں این ایچ اے ایف ڈبلیو او کے ساتھ رابطے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سیلاب یا ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات یقینی بنائیں، اربن فلڈنگ سے بچاؤ کے لیے نالوں اور رکاوٹوں کو صاف رکھیں۔ مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ دریاؤں، ندی نالوں اور شہری علاقوں میں پانی کی سطح کی نگرانی کی جائے، تمام ادارے نکاسی آب کا نظام رواں رکھنے کی کوشش کریں اور سیلاب زدہ علاقوں میں قبل از وقت وارننگ سسٹم کو فعال کریں

بقیہ 26

خالد خان جمالی ماسکو میں نئے سفیر کے امیدوار ہوں گے۔ جنوبی کوریا میں سفیر پاکستان نبیل منیر، روس سے شفقت علی خان کا نام بھی امیدواروں میں شامل ہے۔

بقیہ 27

کے جنگلے توڑتی ہوئی ڈیوٹی پر موجود پمپ ملازم کو روندکر دفتر میں گھس گئی۔ پمپ ملازم جعفر موقع پر جاں بحق ہوگیا، گاڑی میں سوار افراد کی شناخت جان خان اور زین خان کے ناموں سے ہوئی جو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ حادثہ تیز رفتاری اور لاپرواہی کی وجہ سے پیش آیا، پولیس نے گاڑی قبضے میں لے کر مقدمہ درج کرلیا۔

بقیہ 28

کوئی ایسا ملک نہیں جہاں اپنے ہی لوگ اپنی فوج پر حملہ کریں نو اور دس مئی کے واقعات کے ملزمان کو سخت سے سخت سزائیں ملنی چاہیے۔ رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ ن کے کارکن بھرپور محنت کریں ہم آئندہ الیکشن میں نئے عزم کے ساتھ حصہ لیں گے قائد مسلم لیگ ن محمد نواز شریف بہت جلد اپنے کارکنوں کے درمیان ہونگے اور انتخابی مہم کو لیڈ کریں گے۔

بقیہ 29

میں مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان نے شہریوں کو بیرون ممالک بھجوانے کے لئے لاکھوں روپے بٹورے۔ گرفتار ملزمان میں مزمل خان، رانا محمد الیاس اور مقصود علی شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق ملزمان پیسے وصول کرنے کے بعد روپوش ہوگئے تھے۔ ملزمان کو لاہور کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان گزشتہ 5 سالوں سے مطلوب تھے۔ ترجمان کے مطابق ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کردیا گیا۔ خیال رہے کہ 25 جون کو بتایا گیا تھا کہ ایف ائی اے اسلام اباد زون نے یونان کشتی حادثہ میں ملوث انسانی انسانی سمگلروں کے خلاف کریک ڈون جاری رکھا ہوا ہے جبکہ مختلف کارروائیوں میں 6 انسانی سمگلروں کو گرفتار کیا گیا۔ ملزمان کو کلر سیداں، جھنگ اور پشاور سے گرفتار کیا گیا۔ انسانی سمگلروں نے شہریوں کو بیرون ملک یورپ کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے بٹورے۔ گرفتار ملزمان میں تنویر احمد، محمد یوسف، جنید محمود، محمد اسلام، حیدر علی اور دران خان شامل ہیں۔ انسانی سمگلر پاکستان سے لیبیا اور لیبیا سے یونان بذریعہ کشتی بھجوانے میں ملوث تھے۔ ملزمان کی جانب سے بھجوائے گئے بیشتر متاثرین کشتی حادثے میں جاں بحق ہوئے۔ ملزمان کے خلاف کارروائی متاثرین کے لواحقین کی نشاندہی پر کی گئی۔ یونان کشتی حادثے میں ملوث عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کیا جاچکا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر رانا شاہد حبیب کی زیر نگرانی مختلف چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ ٹیمیں مختلف علاقوں میں انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیاں کررہی ہیں۔ چھاپہ مار ٹیمیں ملزمان کی گرفتاری کے لئے لواحقین کے ساتھ تسلسل رابطے میں ہیں ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ گرفتار ملزمان کو قانون کے مطابق کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ 30

تو آسان ہوتا ہے لیکن ابھی تو تینوں ہیں۔ رمیش کمار نے کہا کہ پی ٹی آئی سربراہ کو ان کی حکومت میں کہتا تھا جو کرو گے کل بھگتنا پڑے گا۔ ن لیگ نے ماضی سے نہیں سیکھا اور آج پھر بدلے لے رہی ہے۔ جو غلطیاں دہراتا ہے اس سے ملک کی رحمت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ پیپلز پارٹی کہتی ہے اگر ہم کسی کا فائدہ اٹھائیں گے تو کل ہمیں بھی سامنا کرنا پڑے گا۔ رمیش کمار نے کہا ابھی حالات دیکھ رہا ہوں آئندہ انتخابات کس پارٹی کی طرف سے لڑنا ہے۔ جمہوریت اور عزو احترام دیکھا جائے تو پیپلز پارٹی باقیوں سے بہتر ہے۔ دوسری جانب میئر کراچی مرتضی وہاب کا کہنا ہے امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن سے لاکھ اختلافات ہوں مگر وہ میرے لیے قابل احترام ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو ہونا تھا ہو گیا۔ شیروانی چار سال بعد آ جائے گی۔ حافظ نعیم صاحب رواداری کو فروغ دیں، ان کے لوگ کھالیں جمع کر رہے تھے میں کھالوں میں تو مدد نہیں کر سکتا۔ مرتضی وہاب نے کہا کچھ لوگوں نے کچرے پر کھڑے ہو کر تصویریں بنوائیں اور جب کچرہ اٹھ گیا تو کوئی تصویر نہیں بنائی۔ جو تصویر انہوں نے ٹویٹ کی اس میں کارکنان نے سالڈ ویسٹ کی جیکٹ پہنی ہوئی تھی۔ پہلے دو دن وہ کہتے رہے کہ کام نہیں ہوا تیسرے دن کہا ہم نے آلائشوں کا آپریشن مکمل کیا۔ آلائشیں اٹھانے کے بعد چونا بھی ڈالا گیا اور سپرے بھی ہوا یہ چیلنج مکمل کرنے کے بعد اگلا چیلنج بارشوں کا ہے۔

بقیہ 31

۔دوران واردات ملزمان اسلحہ کا استعمال بھی کرتے۔ ملزمان راہ چلتے لوگوں سے جھپٹا مارنے کے بھی ماہر ہیں۔ پولیس کے مطابق ملزمان شفیق آباد، راوی روڈ سمیت لاہور کے مختلف مقامات پر وارداتیں کرتے۔ گرفتار ملزمان میں اللہ رکھا، ایاز اور اللہ دتہ شامل مقدمات درج ہیں۔

بقیہ 32

مقدمہ درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا جبکہ ایک اور واردات تھانہ گوجر خان چوکی قاضیاں کی حدود میں ہوئی جس میں گزشتہ رات حبیب چوک چنگا میرا اور ڈپر ڈکیتی کی واردات میں موہڑہ بگو کے رہائشی محمد قدیر کے بیٹے آکاش سے ڈکیت موبائل فون اور پیسے لیکر فرار ہوگے پولیس نے مقدمہ کا اندراج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا جبکہ تھانہ مندرہ کی حدود میں گزشتہ رات ایک واردات میں ہرنال کے قریب مسلح آتشیں اسلحہ ڈکیتوں نے پی ایچ پی اہلکار سے 125 موٹرسائکل چھین لیا مٹر سائیکل سوار ڈکیتوں نے پولیس اہلکار محمد اعجاز حبیب سیمٹر سائیکل چھینا اور فائرنگ کرتے فرار ہوگئے جبکہ تھانہ جاتلی کی حدود سید میں اجمل حسین شاہ کے گھر ڈکیتی کی بڑی واردات 05 مسلح ڈاکو اسلحہ کی نوک پر فیملی کو یرغمال بنا کر 49 لاکھ روپے مالیت کے ساڑھے چودہ تولے طلائی زیورات 15 لاکھ سے زائد نقدی، قیمتی موبائل فونز 30 بور پسٹل معہ لائسنس اور ضروری دستاویزات لوٹ کر فرار ہوگئے متاثرہ شہری سید اجمل حسین شاہ کے مطابق نامعلوم ڈاکوں ظاہری حلیہ سے 27 سے 40 سال کی عمر کے لگ بھگ تھے جبکہ علاقئی زبان میں گفتگو کر رہے تھے پولیس تھانہ جاتلی نے واقعے کا مقدمہ درج کرکے اپنی تفتیش کا آغاز کردیا

بقیہ 33

چوہدری شجاعت حسین کی چوہدری پرویز الہی سے ملاقات ایک اعلی شخصیت کی موجودگی میں ہوئی، ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال کے حوالے سے بھی بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں چوہدری شجاعت نے پرویز الہی سے ایک بار پھر کہا کہ وہ پی ٹی آئی چھوڑ کر دوبارہ اپنی پرانی جماعت میں آ جائیں تاہم چوہدری پرویز الہی نے کہا کہ وہ اس بارے میں ابھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں کرسکتے۔ پرویز الہی نے کہا جو تکلیفیں میں نے برداشت کرنی تھی وہ تو کر لی ہیں اب چوہدری مونس الہی میری سیاست کے حوالے سے جو بھی فیصلہ کریں گے وہ قابل قبول ہوگا۔ خیال رہے کہ سابق وزیراعلی پنجاب اور تحریک انصاف کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الہی زندگی میں پہلی بار عید اپنے گھر والوں کے بجائے جیل میں قیدی قیدیوں کے ساتھ منائی، ایف آئی اے نے منی لانڈرنگ کیس میں چوہدری پرویز الہی کو گرفتار کرکے ان کا 14 روزہ ریمانڈ مانگا تھا مگر عدالت نے ایف آئی اے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے چوہدری پرویز الہی کو جیل بھجوادیا۔ چوہدری پرویز الہی اس سے قبل بھی اینٹی کرپشن کی طرف سے درج مقدمے میں جیل میں ہی قید تھے، ضمانت ملنے کے بعد رہائی ہوتے ہی جیل کے اندر چوہدری پرویز الہی کو ایف آئی اے نے گرفتار کرلیا۔ جیل ذرائع کے مطابق جیل میں چوہدری پرویز الہی نے عام قیدیوں کے ساتھ ہی عید کی نماز ادا کی۔

بقیہ 34

تھے۔ نواز شریف سے وفد کی ملاقات میں ملک کے سیاسی ومعاشی مستقبل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نواز شریف نے مسلم لیگ (ن) امارات کی قیادت اور پاکستانی برادری کے کردار کو سراہا۔ مسلم لیگ (ن) امارات کے وفد نے نواز شریف سے انتخابات میں بھر پور حصہ لینے کے عزم کا اظہار کیا اور مریم نواز کی قائدانہ صلاحیتوں کا بھی اعتراف کیا۔ وفد کے عہدیدار نے کہا کہ نواز شریف کو پھر سے ملک کی قیادت سنبھالتے دیکھنا چاہتے ہیں۔ سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی برادری کا قیمتی زرمبادلہ پاکستان کی معیشت کا اہم جز ہے، ن لیگ کی قیادت نے ہمیشہ پاکستان کو مشکلات سے نکالا، اب بھی پاکستانی معیشت کو بھنور سے نکالے گی

بقیہ 35

شروع ہونے والی ہے، موجودہ حکومت نگران حکومت اور آنے والی حکومت 3 حکومتوں نی 9 مہینوں میں آئی ایم ایف کی سخت شرائط پوری کرنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 6 ماہ میں 11 ارب ڈالر واپس کرنے ہیں، دوست ممالک کی ڈیپازٹ یقین دہانیوں کا بھی جلد پتا چل جائے گا، آئی ایم ایف معاہدے میں غلطی کی گنجائش نہیں ہے، اب یا کبھی نہیں کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مڈل کلاس ختم ہوگئی، موجودہ حکومت نے اتنی فضول خرچیاں کی ہیں کہ لینے کے دینے پڑ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے وزیر خارجہ نے 50 سے زیادہ غیر ملکی بیکار سیر وسیاحت کے دورے کیے لیکن آئی ایم ایف کے معاہدے پر خاموش تماشائی ہے، نواز شریف کا آنا یانہ آنا صحت پر نہیں سیاست اور کیس کے فیصلے پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 13 پارٹیوں کا سیاسی دیوالیہ اور قوم کا معاشی دیوالیہ ہوگیا ہے، 10 ماہ ضائع کیے گئے آخری روز معاہدہ کیا گیا، ابھی آگے آگے دیکھیے 12 اگست تک کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس کے سستے تیل کے پہنچنے کی دیر ہے ڈیزل 7.50 روپے مہنگا ہوگیا ہے۔

بقیہ 36

ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ضیا کے پلیٹ فارم سے اگلے انتخابات میں کسی سیاسی جماعت کے ساتھ اتحاد کریں گے، انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعظم کے ناموں میں نجم سیٹھی اور محسن بیگ کے نام شامل نہیں ہیں۔

بقیہ 37

بیچ کر کوئی معیشت بہتر نہیں ہوسکتی، معیشت کو حکمرانوں نے تباہ کردیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کراچی کا میئر قبضہ میئر آیا ہے، مرتضی وہاب تصویر کھچوانا چھوڑیں کام کریں، پیپلز پارٹی ووٹ حاصل کرلیتی ہے لوگوں کو سہولت نہیں دیتی۔ عید کے موقع پر صفائی ستھرائی کے عمومی نظام میں بہت سی رکاوٹیں تھیں۔ آئین کہتا ہے کہ تمام اختیارات بلدیاتی حکومتوں کے پاس ہونا چاہیے۔ آئین کہتا ہے کہ صوبائی حکومتیں اختیارات لوکل گورنمنٹ کو منتقل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسٹریٹ کرائم انتہائی درجے پر چلے گئے، 90 فیصد کرائم رپورٹ ہی نہیں کیا جاتا۔

بقیہ 38

ملکی قرضوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے برآمدات پر توجہ مرکوز کرنے کے ساتھ ساتھ غیر معمولی سکیمیں لانا ہوں گی۔ پاکستان میں ایسے اذہان موجود ہیں جو پاکستان کا قرض اتارنے کی منصوبہ بندی اور حکمت عملی مرتب کرنے میں حکومت کو بہترین تجاویز پیش کرسکتے ہیں اس لئے حکومت ایسے لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی قرضوں کی وجہ سے پاکستان کی معیشت کی سانسیں بند ہورہی ہیں اور اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ہماری مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت سب کو اپنی اپنی سیاست کو پس پشت ڈالتے ہوئے صرف اور صرف قومی سوچ اپنانی چاہیے بصورت دیگر ہمارے پاس سوائے پچھتاوے کے کچھ نہیں بچے گا۔

بقیہ 39

(آئی پی پی) میں دوبارہ سیاسی رہنماؤں کی شمولیت کا سلسلہ شروع ہوگا۔ یاد رہے تحریک انصاف کے سابق رہنما جہانگیر ترین نے 9 مئی واقعات کے بعد پی ٹی آئی سے متعدد سیاسی رہنماؤں کی علیحدگی کے بعد سابق سینئر صوبائی وزیر عبدالعلیم خان کے ساتھ مل کر نئی سیاسی جماعت "استحکام پاکستان پارٹی" تشکیل دی تھی۔

بقیہ 40

کا اظہار تشکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل گوجر خان میں سب سے بڑی قربانی کا اہتمام ہمارے جامع المدینہ نزد سرور شہید کالج گوجر خان میں کیا گیا جس میں 80 سے زائد جانور راہ خدا میں قربان ہوئے کثیر تعداد میں لوگوں نے حصہ شامل کیا جس میں بلخصوص ہمارے جامعہ سے بہت زیادہ تعاون کرنے والے بھائی جو انگلینڈ سے تعلق رکھتے ہیں جن میں طیب محمود یوکے، محمد عیسی یوکے، حاجی طاہر محمود یوکے، حاجی محمد علی یوکے، فرح الیاس صاحب یوکے، نے بھر پور حصہ لیا اور مستحقین غربا اور یتیموں تک قربانی کا گوشت پہنچانے کا اہتمام کروایا جس پر ہم انکی ساری انتظامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور سب کے بھرپور تعاون کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں اللہ عزوجل سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ پاک ان سمیت دیگر تمام بھائیوں کی قربانیاں اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور تمام کو دین ودنیا کی بھلائیاں عطا فرمائے آمین

بقیہ 41

ٹن جبکہ ضلع پاکپتن میں قائم 69 کولیکشن پوائنٹس سے 583 میٹرک ٹن آلائشیں اٹھائی گئیں۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی نگرانی میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے صفائی کے عمل کی مسلسل مانیٹرنگ اور صفائی کا جائزہ لینے کے لئے عید کے تینوں دن مختلف علاقوں کے دورے بھی کئے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے صفائی مہم میں سینٹری سٹاف کی فرض شناسی کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے عملہ نے عیدالاضحی کے ایام میں عوام کو تعفن سے پاک ماحول فراہم کرنے کیلئے بہترین انداز میں کام کیا ہے جو لائق ستائش ہے۔

بقیہ 42

تمام مشکلات سے نکل کر ترقی کرے گا۔ کامران ٹیسوری نے مزید کہا ہے کہ سندھ میں ایک لاکھ سے زائد لوگ آئی ٹی کے کورس کر کے اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے، عید کے دنوں میں 30 ہزار افراد نے گورنر ہاؤس میں راشن کیلئے اندراج کرایا، ہیلتھ انشورنس کارڈ اور موٹرسائیکلیں بھی دیں گے، کے الیکٹرک کراچی کے صارفین کے دو سے تین ماہ کے بل معاف کرے اگر کے الیکٹرک ایسانہ کرے تو انتظامیہ کو معاف نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک انتظامیہ بہتری کی یقین دہانی کراتی ہے مگر پوری نہیں کرتی، انتظامیہ کہتی ہے کہ صارفین بل جمع نہیں کراتے، صارفین سے درخواست کرتا ہوں کہ بل بروقت جمع کرائیں، جس جماعت نے قوم کو توڑنے کی سازش کی وہ ناکام رہی آئندہ بھی ناکام ہو گی، میرا منصب اجازت نہیں دیتا میئر کی باتوں کا جواب دوں جو بات کرنا ہو گی بلاول بھٹو، آصف زرداری اور وزیراعلی سے براہ راست کروں گا۔

بقیہ 43

نہیں ہیں، جیل اور بیرکس کی حفاظت کیلئے واچ ٹاورز تک نہیں بن سکے، بلوچستان حکومت اور محکمہ داخلہ کو کئی بار صورتِ حال سے آگاہ کیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے دن ایک افسر اور دو اہلکار جیل سکیورٹی پر تعینات تھے۔ دوسری جانب پولیس نے سب جیل سے سنگین جرائم میں ملوث 17 قیدیوں کے فرار ہونے کا مقدمہ درج کر لیا ہے، مفرور قیدیوں کے خلاف مقدمہ سرکار کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ عید کی صبح سنگین جرائم میں ملوث 17 قیدیوں نے سب جیل کی حفاظت پر مامور اہلکار سے اسلحہ چھین کر اسے تشدد کا نشانہ بنایا تھا اور 3 اہلکاروں کو زخمی کر کے گیٹ کا تالا فائرنگ سے توڑ کر فرار ہوگئے تھے۔ پولیس نے قریبی سرحدی علاقوں میں آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک مفرور قیدی کو ہلاک اور 2 کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا تھا جبکہ 1 قیدی نے رضا کارانہ گرفتاری دے دی تھی۔ اس واقعے پر ایس پی نے جیلر سمیت 3 پولیس افسروں اور ایک اہلکار کو معطل کردیا۔

بقیہ 44

راجہ عیدالاضحی پر اپنے آبائی علاقے (سوہاوا، جہلم) میں ایک مقامی ڈیم میں اپنے بیٹوں اور بہنوئی کے ہمراہ نہاتے ہوئے بیٹوں اور بہنوئی سمیت ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ ایڈیشنل سیشن جج جتوئی مبین راجہ انتہائی ایماندار اور میرٹ پسند جج تھے۔ تحصیل بار ایسوی ایشن جتوئی نے دو روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔ پنجاب وکلاء محاذ کے چیئرمین رانا امجد علی امجد ایڈووکیٹ نے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ اس غم کی گھڑی میں وہ راجہ فیملی کے ساتھ ہیں۔ اللہ تعالیٰ جج صاحب، ان کے بیٹوں اور بہنوئی کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطاء فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔

بقیہ 45

پاورسٹیشن کی بجلی گزشتہ 7 روز سے غائب ہے، جس سے پنڈی رتن سنگھ سیکھم خیر پور ملیاں ملیاں کلاں سمیت 21 چھوٹے بڑے دیہاتی علاقے اندھیرے میں ڈوبے ہوئے ہیں دوسری طرف وزیراعظم شہباز شریف کے عید کے تین دن بلاتعطل بجلی فراہمی کے دعوے بھی ریت کی دیوار ثابت ہوئے۔

بقیہ 46

معاوضہ دے کر ہمیں فارغ کریں شیخوپورہ میں عیدالاضحی پر صفائی ستھرائی کے کاموں پر معمور مزدوروں کو عید گزرنے کے بعد بھی مزدوری نہ مل سکی عملہ صفائی نے لاہور روڈ بلاک کرکے ضلعی انتظامیہ کے خلاف شدید احتجاج کیا مظاہرین کہتے ہیں کہ ضلعی انتظامیہ نے قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ٹھکانے لگانے سمیت شہر کی صفائی ستھرائی کے لئے تین روز مسلسل کام کروایا مگر مزدوری نہیں دی جبکہ افسران نے کہا تھا کہ عید گزرنے کے بعد سب کو مزدوری مل جائے گی لیکن بینک بند ہونے کا بہانہ بنا کر خوب ذلیل وخوار کیا جارہا ہے مزدوری نہ ملنے کے سبب گھروں میں نوبت فاقہ کشی پر پہنچ چکی ہے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ مزدوروں کو معاوضے کی جلد فراہمی یقینی بنانے کے لئے عملی اقدامات کریں ورنہ وزیراعلی ہاؤس کے سامنے صدائے احتجاج بلند کی جائے گی۔

بقیہ 47

کرنے کیلئے جس وقت بھی اچانک قیام امن کیلئے کال دی گئی ڈیرہ کے لوگوں نے فوری طور پر مثبت جواب دیتے ہوئے قیام امن کے کارواں میں حصے دار بن گئے وہاں ممبر ڈی آر سی ڈیرہ چوہدری شاہد راج بھی سر فہرست رہے ۔محرم الحرام ہو یا ناروز یا پھر جشن عید میلاد النبیؐ ہو قیام امن کا پیغام لیکر چوہدری شاہد راج گھر گھر امن کا پیغام لیکر گئے ہیں آج کی امن کی شیلڈ یہ چوہدری شاہد راج کا حق بنتا ہے۔ جس پر ڈی آر سی کے ممبر چوہدری شاہد راج نے کرنل احمد عمر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 48

خط لکھے تھے جس میں پاکستان پر پابندیاں لگانیکا مطالبہ کیا گیا تھا، ذرائع کا کہنا ہے کہ کچھ فارماسسٹس کی جانب سے بین الاقوامی مالیاتی اداروں کو خطوط اور ای میل لکھی گئیں تھیں اور الزام لگایا گیا تھا کہ پاکستانی ادارے منی لانڈرنگ میں ملوث ہیں، حکام کا کہنا ہے کہ غیر ملکی اداروں کو اس قسم کے خطوط لکھنا غداری کے زمرے میں آتا ہے، یہ وہ افراد ہیں جن پر پاکستان میں جعلی ادویات اور بلیک میلنگ کے مقدمات ہیں، ذرائع کے مطابق محکمہ صحت کے حکام نے کارروائی کے لیے ایف آئی اے اور انٹیلی جنس ایجنسیوں سے رجوع کرنیکا فیصلہ کیا ہے تاکہ ان افراد کے خلاف غداری کے مقدمات قائم کیے جاسکیں۔

بقیہ 49

ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے موسلادھار بارشوں کے باعث اربن فلڈنگ کا خدشہ ظاہر کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 51

برائے تخفیف غربت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بنیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا ہے کہ حافظ نعیم کی قسمت میں میئر کراچی بننا بھی نہیں ہے، جماعت اسلامی کو سیاست کی آڑ میں شر اور فساد پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔

بقیہ 52

۔حکام کے مطابق مسلح افراد اپنے اپنے علاقے میں مورچہ بند ہو گئے ہیں، جب کہ پولیس نے حالات کو کنٹرول میں لینے کے لئے علاقے میں چوکی قائم کردی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں عارف، غفور نار یجو اور صالح نار یجو شامل ہیں۔

بقیہ 53

تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور کی اہم شاہراہوں لبرٹی، مین بلیوارڈ گلبرگ، جیل روڈ، مزنگ، فیروز پور روڈ اور دیگر شاہراہوں پر پارٹی پر استحکام پاکستان پارٹی کے پرچم اور بینرز آویزاں کر دیئے گئے۔ سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد کی جانب سے استحکام پاکستان پارٹی کی حمایت کا اعلان بھی کیا جارہا ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی کی ترجمان نے کہا کہ پارٹی جلد سیاسی میدان میں اترے گی، جہانگیر ترین، عبدالعلیم خان کی قیادت میں آنے والا وقت ہمارا ہوگا، ہم بکھرے ہوئے خوابوں کو تعبیر دینے جارہے ہیں۔ قبل ازیں استحکام پاکستان پارٹی نے 10 روز میں پارٹی منشور تیار کرنے کا فیصلہ کیا تھا اس سلسلے میں پارٹی نے 9 رکنی منشور کمیٹی کے قیام کا اعلان کردیا۔ ترجمان کے مطابق عامر محمود کیانی پارٹی کی منشور کمیٹی کے کنوینر ہوں گے جبکہ اسحاق خاکوانی، نعمان لنگڑیال، رانا نذیر خان، سعید اکبر نوانی، چوہدری ایم اشفاق، نوریز شکور اور پیر سعید الحسن شاہ منشور کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق کمیٹی کے کنوینر عامر محمود کیانی کسی بھی ایک ماہر کو منشور کمیٹی کا رکن بنا سکیں گے، کمیٹی 10 روز میں استحکام پاکستان پارٹی کے منشور کے مسودے کو تیار کر کے 10 روز میں پیٹرن انچیف جہانگیر ترین اور صدر عبدالعلیم خان کو پیش کرے گی۔ دوسری جانب استحکام پاکستان پارٹی نے تنظیم سازی کا عمل بھی تیز کردیا ہے اور اس مقصد کیلئے سیکرٹری جنرل عامر کیانی نے پارٹی کی ریجنل کمیٹیوں کا اعلان کردیا۔ پیٹرن انچیف جہانگیر ترین اور صدر عبدالعلیم خان کی مشاورت سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ ریجنل کمیٹی 10 دن میں اپنے ڈویژن میں ضلعی باڈی کیلئے نام تجویز کرے گی۔ کمیٹیاں ضلعی تنظیم سازی ہونے تک متعلقہ ڈویژن واضلاع میں پارٹی امور دیکھیں گی۔

بقیہ 54

1965 کی پاک بھارت جنگ میں سرگودھا کے محاذ پر ایک ڈاگ فائٹ کے دوران پانچ انڈین ہنٹر جنگی طیارے ایک منٹ کے اندر مار گرائے جن میں چار تین سیکنڈ کے اندر مار گرائے تھے یہ ایک عالمی ریکارڈ تھا اس جنگ کے دوران ایم ایم عالم نے مجموعی طور پر دشمن کے نو طیارے مار گرائے اور دو طیاروں کو نقصان پہنچایا اس کارنامے پر انہیں دو مرتبہ ستارہ جرات کا اعزاز عطا کیا گیا ایم ایم عالم 18 مارچ 2013 کو کراچی میں طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 55

کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم فرحان کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم نے ساتھیوں کے ہمراہ گھر میں داخل ہوکر چوری کی واردات کی تھی ، اشتہاری مجرم سال 2018 سے وارث خان پولیس کو مطلوب تھا، ایس ایچ او نے بتایا کہ اشتہاری مجرم کے دیگر 04 ساتھی قبل ازیں گرفتار ہوکر چالان ہو چکے ہیں، اشتہاری مجرم کی گرفتاری پر ایس پی راول فیصل سلیم نے وارث خان پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرکے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 56

سے بچالیا۔ دریائے ستلج سے زندہ نکالے جانے والے 5 افراد کی شناخت اسلم، اقبال، طلحہ، عمر اور امجد کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ 57

جائیں گے۔ پی آئی اے کی بعد از حج پروازیں کراچی، اسلام آباد، لاہور، ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ اور پشاور براہ راست پہنچیں گی، حج آپریشن کے پہلے روز تمام پروازیں جدہ سے اسلام آباد، لاہور، کراچی اور پشاور پہنچ رہی ہیں، پی آئی اے انتظامیہ کی جانب سے پوری کوشش کی جارہی ہے کہ بعد از حج پروازوں کی بروقت روانگی کا تناسب 90 فیصد سے زائد رکھا جائے۔ قومی ایئر لائن نے جدہ حج ٹرمینل پر حجاج کرام کی وطن واپس روانگی کیلئے خصوصی انتظامات کئے ہیں، پی آئی اے کی خصوصی حج ٹیمیں جدہ و مدینہ ائیر پورٹس پر حجاج کی رہنمائی کیلئے موجود ہیں، عازمین حج کی واپسی کیلئے پی آئی اے کا آپریشن 2 اگست تک جاری رہے گا۔

بقیہ 58

بھی حافظ صاحب کی طرح ناشتے میں کڑوے کریلے کھا کر زہریلی پیشن گوئیاں کروارہا ہے، طوطے نے حافظ نعیم کو میئر بننے کی فال غلط نکال کردی، بلاول بھٹو کے وزیراعظم نہ بننے کی بھی غلط فال نکالی، انشاء اللہ بلاول بھٹو ملک کا وزیراعظم بن کر ملک کو ترقی کی راہوں پر گامزن کرے گا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ پیپلز پارٹی میئر اور ٹاؤن چیئرمین نے ملکر اس شہر کی جس طرح عید پر صفائی کو یقینی بنایا اس سے حافظ نعیم پریشان ہیں، حافظ نعیم اب شہر کی پولیس سے بھی ناخوش نظر آتا ہے ان پر بھی تنقید حیران کن ہے، میئر شپ ہارنے کے بعد ان کے عصابوں پر خراب اثر پڑا ہے، حافظ نعیم کو فال نکالنے کا کام چھوڑ کر کچھ دن آرام کرنا چاہیے

بقیہ 59

سے 30 فیصد جانور کم قربان کیے گئے، گرمی اور لوڈ شیڈنگ کے باعث جانوروں کی 35 فیصد کھالیں خراب ہونے کا تخمینہ ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق عید پر قربان کیے جانوروں کی کل مالیت 376 ارب روپے بنتی ہے۔

بقیہ 60

ٹن سے زائد پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ زرعی ترجمان نے کہا کہ آم کے باغات کی نگہداشت اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے استعمال سے آم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ زرعی ماہرین نے کہا کہ جب آم کا پھل درخت پر پک کر تیار ہو جائے تو اس کی پختگی کو جانچنے کیلئے کچھ مشاہداتی اور سائنسی عوامل پر انحصار کیا جاتا ہے جس میں آم کے کندھوں کے مکمل ابھار، قسم کے مطابق شکل وصورت اور آم کے اندر شکر کی مقدار کو شناخت کرنا ہے۔ جب پھل میں مٹھاس یا شکر کی مقدار 10 سے 12 ڈگری برکس ہو جائے تو آم کا پھل برداشت کے قابل ہوجاتا ہے۔ اس مرحلہ پر آم کو درخت سے توڑ لیا جائے تو پکنے پر آم کی تمام خصوصیات بہتر طور پر نمایاں ہوتی ہیں۔ اگر آم کو برآمد کرنا مقصود ہو تو پھر شکر کی مقدار 8 سے 10 ڈگری برکس ہونی چاہیے کیونکہ اس سے آم کے پھل کی بعد از برداشت زندگی بڑھ جاتی ہے۔

بقیہ 61

کرنے والے 10 ملزمان گرفتار، تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ون ویلنگ کرنے والے 07 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں نصیر، انس، ملنگ خان، شہباز، سکندر، شبیر، ذیشان اور فواد شامل ہیں، تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ون ویلنگ کرنے والے 03 ملزمان سعد، ساجد اور طیب کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 62

اسکول کے شہدا بچوں کے لیئے گایا تھا اس وقت انکی عمر صرف 10 سال تھی۔ پھر انہوں نے بالا آخر اپنی خداداد صلاحیتوں، انتھک محنت، فیملی سپورٹ، اپنے شوق اور پرستاروں کی دعاؤں سے اس وقت ایک نئے دور عروج کی جانب قدم رکھ دیا جب انہوں نے تیری میری کہانیاں کی فلم "پھوڑی " کے لیئے پہلا فلمی گانا "دل میرا کھبدا جاوے " گا دیا۔ انہیں ورزش کے طور پر سوئمنگ و سائکلنگ پسند ہیں تاہم وہ ہاکی، کرکٹ، ریسلنگ کے علاوہ پاکستان میں تیزی سے مقبول ہورہے کھیل بیس بال کی فین ہیں انکا کہنا ہے کہ اگر وہ فنکار نہ ہوتیں تو بہت بہترین ریسلر ہوتیں۔ ہم دعاگو ہیں کہ بہترین آواز اور اعتماد کی حامل آیت شیخ مذید ترقیاں اور کامرانیاں حاصل کریں۔

بقیہ 63

گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سکیورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

بقیہ 64

) کرنل رانا طارق عید ملنے والوں اور میڈیا سے کررہے تھے انہوں نے مزید کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ سے ملکی معیشت مستحکم ہوگی، تبدیلی سرکار نے معاہدہ نہ ہونے کے لیئے بہت ہاتھ پاؤں مارے، لیکن دال نہیں گلنے پر اب خاموشی اختیار کر لی ہے، گذشتہ تین ماہ میں چین نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچایا، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات نے ہمارا بھرپور ساتھ دیا، ملکی معیشت کی بحالی کیلئے جامع منصوبہ بنایا ہے، وفاقی حکومت مدت مکمل ہونے پر حکومت چھوڑ دیں گے، انتخابات کی تاریخ دینا اور الیکشن کمیشن کا کام الیکشن کرانا ہے، نوازشریف علاج کیلئے بیرون ملک ہے، جلد وطن واپس آئیں گے، فتنہ نے ایک سال سازشیں کرکے ملک کو تباہ وبرباد کیا، موجودہ حکومت کے دور میں ایک روپے کی کرپشن کا کیس سامنے نہیں آیا، تبدیلی سرکار کے دور میں کرپشن کی داستانیں جو رقم کیں وہ پاکستان کی تاریخ کا حصہ بنیں گی اور 9 مئی کے دن کو قوم سیاہ دن کے طور پر منائے گی۔

بقیہ 65

ی اور غیر قانونی قیمت کا فرق بڑھ کر 50 روپے فی لیٹر تک پہنچ گیا۔ ڈیری مافیا ایک لیٹر دودھ پر 50 روپے کا غیر قانونی منافع کما رہی ہے۔ ذرائع ڈیری سیکٹر کے مطابق یومیہ 50 لاکھ لیٹر کی فروخت سے 25 کروڑ روپے کا غیر قانونی منافع ہول سیلرز اور ڈیری فارمرز پر مشتمل مافیا ہڑپ کررہی ہے۔

بقیہ 66

بگڑ گئی اور اس نے تڑپ تڑپ کر جان دے دی۔ فوت ہونے والے عاشق علی تھیم کے ورثاء نے بھوپے پیر پر نوجوان کے قتل کا الزام عائد کیا اور یاگو دادانی پولیس پوسٹ پر بھوپے پیر پر این سی داخل کروادی۔ ورثاء نے تعلقہ تھانے سے میڈیکل لیٹر لے کر لاش کا تعلقہ اسپتال سے پوسٹ مارٹم کروایا۔ فوت ہونے والے نوجوان عاشق علی تھیم کے بھائی اکرم علی تھیم نے میڈیا کو بتایا کہ اس کے بھائی کو بھوپے پیر اور اس کے سہولت کاروں روشن تھیم اور سلطان تھیم نے قتل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھوپے پیر نے میرے بھائی پر جن نکالنے کے بہانے تشدد کیا اور اسے بکرے کا خون پلایا جس سے میرا بھائی تڑپ تڑپ کر فوت ہوگیا۔ مقتول کے بھائی نے اعلیٰ افسران سے فراڈی بھوپے پیر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 67

لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، زیادتی جیسے واقعات نا قابل برداشت ہیں اس حوالے سے زیرو ٹالیرنس پالیسی کو یقینی بنایا جارہا ہے

بقیہ 68

ا 2015 میں نواز شریف کے دور میں غریبوں کو علاج کی سہولت فراہم کرنے کیلئے کیا گیا تھا، اس سہولت کو بند نہیں کریں گے، دل کے آپریشن کی سہولت کو دوبارہ سے ٹارگٹڈ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 69

حکومت اسلاموفوبیا پر مبنی اس عمل کو سختی سے مسترد کرتی ہے۔ سویڈش حکومت کا کہناہیکہ یہ واقعہ سویڈن کی حکومت کا موقف واضح نہیں کرتا ہے۔ اس واقعے کے خلاف عالم اسلام سراپا احتجاج ہے اور دنیا بھر میں مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے، اسلامی تعاون تنظیم کی ایگزیکٹو کمیٹی نے آئندہ ہفتے ہنگامی اجلاس بلالیا ہے، اجلاس میں ضروری اقدامات سے متعلق اجتماعی موقف اپنایا جائیگا۔ پاکستان سمیت عراق، ایران، سعودی عرب اور مشرق وسطی کے دیگر ممالک نے سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی کی مذمت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ اس طرح کا عمل دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچاتا ہے۔ دوسری جانب یورپی یونین نے بھی قرآن کریم کی بے حرمتی کے عمل کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ واقعہ جارحانہ، بے عزتی اور واضح طور پر اشتعال انگیزی پر مبنی ہے۔

یورپی یونین کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق یورپی یونین مذہب یا عقیدے اور اظہار رائے کی آزادی کیلئے کھڑی ہے، نسل پرستی، نفرت انگیزی، عدم برداشت کی یورپ میں کوئی جگہ نہیں، بے حرمتی کا واقعہ ایسے وقت پر کیا گیا جب مسلمان عیدالاضحیٰ منا رہے تھے۔ یورپی یونین کا مزید کہنا تھا کہ وقت آ گیا ہے باہمی افہام وتفہیم اور احترام کیلئے ایک ساتھ کھڑے ہو جائیں، یہ بڑھتے ہوئے تنازعات کو روکنے کا وقت ہے۔

بقیہ 70

رہا ہے، طالبان کے قبضے کے بعد سے افغان طلبا کے لیے بھارت کی غیر متزلزل حمایت دکھاوے سے زیادہ کچھ نہیں ، بھارت نے افغان شہریوں کو پہلے سے جاری کیے گئے تمام ویزے منسوخ کردیئے، ان میں زیادہ تر ویزے طالبعلموں کے ہیں ۔ رپورٹ کے مطابق بھارت کی جانب سے افغان طلبا کو ویزا جاری کرنے سے انکار کے باعث آن لائن امتحانات ممکن نہیں، ہندوستانی یونیورسٹیوں میں 2500 سے زیادہ افغان طلبا ویزا مسائل کی وجہ سے افغانستان میں ہی پھنس گئے ہیں ۔ افغان طلبا کے احتجاج پر جے شنکر نے سکیورٹی خدشات، غیر اعتمادی اور ویزا سسٹم کی کارکردگی کا حوالہ دیا، بہت سے افغان طلبا کو انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشنز کی طرف سے سکالرشپ مہیا کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق ویزا سے انکار کے باعث یونیورسٹیوں نے داخلے منسوخ کرنا شروع کردیئے ہیں، چندی گڑھ یونیورسٹی میں پولیٹیکل سائنس کی 22 سالہ طالبہ یاسمین عظیمی کی ویزا درخواست تین بار مسترد ہوچکی۔ 2022 میں صرف 300 ای ویزا جاری کیے گئے تھے

پاکستانی برادری کا قیمتی زرمبادلہ پاکستان کی معیشت کا اہم جز ہے نواز شریف

نواز شریف نے مسلم لیگ (ن) امارات کی قیادت اور پاکستانی برادری کے کردار کو سراہا، قائد ن لیگ

(ن) لیگ کی قیادت نے ہمیشہ پاکستان کو مشکلات سے نکالا، اب بھی پاکستانی معیشت کو بھنور سے نکالے گی، سابق وزیراعظم

دبئی (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستانی برادری کا قیمتی زرمبادلہ پاکستان کی معیشت کا اہم جز ہے، ن لیگ کی قیادت نے ہمیشہ پاکستان کو مشکلات سے نکالا، اب بھی پاکستانی معیشت کو بھنور سے نکالے گی۔ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف سے مسلم لیگ (ن) یو اے ای کے عہدیدران نے ملاقات کی جس میں مریم نواز بھی شامل تھیں۔ مسلم لیگ یو اے ای کے وفد کی قیادت (ن) لیگ یو اے ای کے صدر غلام مصطفیٰ مغل نے کی۔ اس موقع پر نواز شریف نے سب کو عید کی مبارک باد دی۔ مسلم لیگ گلف کے صدر ایم این اے احسان الحق باجوہ بھی ملاقات میں شریک تھے۔ وفد میں ایم پی اے آزاد علی تبسم، غوث قادری، عبدالوحید پال، ابوبکر آفندی، چوہدری عبدالغفار اور افتخار بٹ بھی شریک (بقیہ نمبر 34)

دبئی: اقتدار میں آ کر مہنگائی ختم کرنا پہلی ترجیح ہوگی: نواز شریف

سرکل گوجر خان چوروں ڈکیتوں کے نرغے میں ڈکیتوں نے کم سن بچوں کو بھی لوٹنا شروع کر دیا

سرکل کی پولیس چوروں ڈکیتوں کو پکڑنے میں بری طرح ناکام شہری شدید خوف و ہراس کا شکار

4 مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں کے طلائی زیورات، نقدی اور موٹر سائیکل سے محروم

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجر خان کے تینوں تھانے گوجر خان، مندرہ، جاتلی شدید بدامنی کا شکار سرکل کی حدود میں ڈکیت کم سن بچوں کو بھی لوٹنے لگے سرکل کی پولیس چوروں ڈکیتوں کو قابو کرنے میں بری طرح ناکام بڑھتی ہوئی وارداتوں کی وجہ شہری عدم تحفظ کا شکار شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جانے لگا تھانہ گوجر خان کی حدود میں گزشتہ روز مسلح آتشیں اسلحہ 3 ڈکیتوں نے گوجر خان کے مقامی کپڑے کے تاجر محمد افتخار اور شیخ آشی کے بیٹے سبطین اور اس کے دوست ضامن علی کو لنڈن پلازہ ریلوے پھاٹک کے پاس جب وہ بیکری کا سامان خرید کر اپنے گھر جھنڈا واپس جارہی تھے انکو روک کر ڈکیتوں نے اسلحہ کی نوک پر ان سے 2 آئی فونز اور رقم مبلغ 27 سو روپے چھین لیے پولیس تھانہ گوجر خان نے متاثرہ بچوں کی مدعیت میں (بقیہ نمبر 32)

مری: عید کی تعطیلات کے دوران مری میں 60 ہزار گاڑیاں داخل ہوئیں

چوہدری شجاعت کی اعلیٰ شخصیت کی موجودگی میں پرویز الٰہی سے ملاقات

ایک بار پھر کہا کہ وہ پی ٹی آئی چھوڑ کر دوبارہ اپنی پرانی جماعت میں آجائیں

چوہدری پرویز الٰہی نے کہا وہ اس بارے میں ابھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں کر سکتے

لاہور (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے کیمپ جیل لاہور میں پی ٹی آئی کے صدر چودری پرویز الٰہی سے چند روز کے دوران دوسری ملاقات کی ہے۔ چوہدری شجاعت نے کیمپ جیل لاہور میں چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کی جس دوران چوہدری سالک اور چوہدری وجاہت بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چوہدری شجاعت سے ملاقات سے پہلے پرویز الٰہی کے چیک اپ کے لیے میڈیکل بورڈ بھی کیمپ جیل آیا اور ڈاکٹرز نے ان کا طبی معائنہ کیا۔ رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 33)

جولائی سے بجلی سمیت مہنگائی کی نئی لہر آنے والی ہے' شیخ رشید

نواز شریف کا آنا یا نہ آنا صحت پر نہیں سیاست اور کیس کے فیصلے پر منحصر ہے

دوست ممالک کی ڈیپازٹ یقین دہانیوں کا بھی جلد پتا چل جائے گا، سابق وزیر داخلہ

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ مفتاح اسماعیل اور اسحاق ڈار کے آئی ایم ایف فیصلوں میں رشتے داری کے علاوہ کیا فرق ہے، اسحاق ڈار نے پہلے آنکھیں دکھائیں پھر پاؤں پڑے، 10 مہینے ضائع کیے اور 9 مہینے کے لیے ناک رگڑ کر تمام شرائط مان کر اسٹینڈ بائے معاہدہ کیا، 12 جولائی سے بجلی سمیت مہنگائی کی نئی لہر آنے والی ہے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 12 جولائی سے بجلی سمیت مہنگائی کی نئی لہر آنے والی ہے اور حکومت کی الٹی گنتی (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد: بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بنیں گے: فیصل کریم کنڈی

شریف خاندان سے رابطے میں ہوں، اعجاز الحق

نگران وزیراعظم کے ناموں میں نجم سیٹھی اور محسن بیگ کے نام شامل نہیں ہیں

لندن (نیوز ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ضیا کے سربراہ اعجاز الحق نے کہا ہے کہ وہ شریف خاندان سے رابطے میں ہیں، لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ضیا کے پلیٹ فارم سے اگلے انتخابات میں کسی سیاسی جماعت کے ساتھ اتحاد کریں گے، انہوں نے کہا کہ نگران وزیراعظم کے ناموں میں نجم سیٹھی اور محسن بیگ کے نام شامل نہیں ہیں۔ پاکستان مسلم لیگ ضیا کے سربراہ اعجاز الحق نے کہا ہے کہ وہ شریف خاندان سے رابطے میں ہیں، لندن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 36)

حافظ نعیم نے سوئیڈن کے سفیر کو نکالنے کا مطالبہ کر دیا

جماعت اسلام کا سوئیڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی پر احتجاج کا اعلان

اسٹریٹ کرائم انتہائی درجے پر چلے گئے، 90 فیصد کرائم رپورٹ ہی نہیں کیا جاتا

کراچی (جنرل رپورٹر) جماعت اسلامی کراچی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے قرآن پاک کی بے حرمتی پر سوئیڈن کے سفیر کو ملک بدر کرنے کا مطالبہ کردیا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ سوئیڈن میں قرآن پاک کی بے حرمتی کا واقعہ قابل مذمت ہے، اس حوالے سے اقوام متحدہ کی سطح پر قانون سازی ہونی چاہئے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ مسلمان تمام مذہب کے لوگوں کو احترام سے دیکھتے ہیں، دین اسلام تمام دیگر مذاہب کا احترام کرتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی نے کہا کہ دین میں زبردستی کسی کو نہیں لایا جاسکتا، کلام پاک سے بڑھ کر ہمارے لئے کوئی چیز نہیں ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ حکومت سوئیڈن کے سفیر کو برطرف کرے، مغرب جان لے کہ قران کریم ایک مقدس کتاب ہے، ہماری جانیں اپنے نبی ﷺ اور قرآن کے لئے حاضر ہیں، مغرب توہین نہ کرے، جماعت اسلامی سوئیڈن واقع کی مذمت کرتی ہے، ہم احتجاج کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیرت (بقیہ نمبر 37)

سرپرست اعلیٰ استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر ترین لندن سے وطن واپس پہنچ گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی کے سرپرست اعلیٰ جہانگیر خان ترین لندن سے وطن واپس پہنچ گئے۔ جہانگیر ترین سالانہ طبی معائنے کیلئے عید سے قبل برطانیہ گئے تھے، جہانگیر ترین نے لندن میں اپنا سالانہ طبی معائنہ اور مختلف ٹیسٹ کروائے۔ پارٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ جہانگیر ترین کی واپسی کے ساتھ ہی اب استحکام پاکستان پارٹی (بقیہ نمبر 39)

معیشت کی سست روی، زمینی حقائق سے لگتا ہے آئی ایم ایف سے ایک اور معاہدہ کرنا پڑیگا' پاکستان ٹیکس بار

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ معاشی حالات، ہماری پالیسیوں اور سمت سے ہرگز یہ نہیں لگتا کہ آنے والے چند سالوں میں ہماری آئی ایم ایف سے جان چھوٹ جائے گی، معیشت کی سست روی اور زمینی حقائق سے یہ واضح اشارے مل رہے ہیں کہ ہمیں آئی ایم ایف سے ایک اور معاہدہ کرنا پڑے گا۔ ان خیالات کا اظہار ایسوسی ایشن کے صدر رانا منیر اور جنرل سیکرٹری قمر الزمان چودھری نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو غیر (بقیہ نمبر 38)

تحصیل گوجر خان کی بڑی اجتماعی قربانی جامعۃ المدینہ میں ہوئی

بڑی اجتماعی قربانی جامعۃ المدینہ میں 80 سے زائد جانور قربان

یوکے سے طیب محمود، محمد عیسیٰ، حاجی محمد علی فرخ الیاس، و دیگر نے اہتمام کروایا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجر خان میں بڑی اجتماعی قربانی کا اہتمام اجتماعی قربانی کے تمام تر معاملات کو اجتماعی قربانی کے ہیڈ علامہ عمیر مدنی اور انکی 30 رکنی انتظامیہ نے بخوبی سرانجام دیا دعوت اسلامی گوجر خان کے تحت اجتماعی قربانی میں 80 جانور راہ خدا میں قربان کیے گئے ہیڈ اجتماعی قربانی جامعۃ المدینہ عمیر مدنی نے اجتماعی قربانی میں حصہ لینے والے تمام احباب (بقیہ نمبر 40)

ساہیوال ڈویژن میں عید کے تینوں روز جاری رہنے والا صفائی آپریشن مکمل

چیچہ وطنی (جنرل رپورٹر) ساہیوال ڈویژن میں عید کے تینوں روز جاری صفائی آپریشن مکمل ہوگیا جس دوران مجموعی طور پر 5156 میٹرک ٹن سے زائد آلائشیں اور کوڑا اٹھایا گیا۔ ضلع ساہیوال میں 47 کولیکشن پوائنٹس قائم کئے گئے جہاں سے عید کے تینوں روز 2137 میٹرک ٹن آلائشیں، ضلع اوکاڑہ میں قائم 52 پوائنٹس سے 2436 (بقیہ نمبر 41)

پی ٹی آئی نے 17 رکنی کراچی نگراں کمیٹی کا اعلان کر دیا

نگراں کمیٹی ایک ہفتے میں 7 اضلاع کے عہدیداروں کے نام فائنل کرے گی

کراچی (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی نے 17 رکنی کراچی نگراں کمیٹی کا اعلان کر دیا۔ حلیم عادل شیخ نے کراچی ڈویژن کیلئے نگراں کمیٹی قائم کردی، جس کا نوٹیفکیشن پی ٹی آئی سندھ کے جنرل سیکرٹری نے جاری کیا۔ نگراں کمیٹی ایک ہفتے میں 7 اضلاع کے عہدیداروں کے نام فائنل کرے گی اور ٹاؤن، یوسی اور بلاک سطح پر تنظیم کو مکمل کرے گی۔ کراچی نگراں کمیٹی میں خرم شیر زمان کو کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا، جبکہ ڈاکٹر شہاب امام ایڈووکیٹ سیکرٹری کمیٹی ہوں گے۔ جبکہ ڈاکٹر شہاب امام ایڈووکیٹ سیکرٹری کمیٹی ہوں گے۔

شہباز شریف اور اسحاق ڈار کی کوششوں سے پاکستان ڈیفالٹ سے بچ گیا گورنر سندھ

ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دے کر پاکستان کو بار بار رسوا ہونے سے بچانا ہوگا، آئی ایم ایف قرضے کو آخری قرضہ بنانا ہوگا

کامران ٹیسوری نے مزید کہا ہے کہ سندھ میں ایک لاکھ سے زائد لوگ آئی ٹی کے کورس کر کے اپنے پیروں پر کھڑے ہوں گے

کراچی (خصوصی رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ شہباز شریف اور اسحاق ڈار کی کوششوں سے پاکستان ڈیفالٹ سے بچ گیا، ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دے کر پاکستان کو بار بار رسوا ہونے سے بچانا ہوگا، آئی ایم ایف قرضے کو آخری قرضہ بنانا ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ مجھے سعادت ملی کہ حاجیوں کو الوداع بھی کہا تھا، اس مرتبہ حج پر جانے والے پاکستانیوں کی دعاں کا ضرور ثمر ملے گا، حجاج کی دعاں سے پاکستان ان مشکلات سے نکلے گا، پاکستان نو مئی کے واقعات اور ڈیفالٹ سے نکل گیا، پاکستان 27 ویں شب کو قائم ہوا یہ (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد: کسی کو مفت حج نہیں کرنے دیا، خود بھی اپنے خرچے پر حج کر کے آیا ہوں: طلحہ محمود

شیخوپورہ کے گردونواح میں 7 روز سے بجلی کی فراہمی معطل شہریوں کا مرید کے روڈ بلاک کر کے شدید احتجاج

شیخوپورہ (سٹی رپورٹر) شیخوپورہ کے گردونواح میں 7 روز سے بجلی کی فراہمی معطل شہریوں کا مرید کے روڈ بلاک کر کے شدید احتجاج ایس ڈی او عابد سعید گجر کو فوری معطل کرنے کا مطالبہ مظاہرین کا کہنا ہے کہ ایس ڈی او عابد سعید اور انکی کرپٹ ٹیم خراب ٹرانسفارمر کی تبدیلی کے لئے 40 ہزار روپے رشوت طلب کر رہے ہیں جبکہ کنکشن تبدیلی کا 500 روپے نذرانہ الگ سے وصول کر رہے ہیں چیچو کی ہائیڈل (بقیہ نمبر 45)

شیخوپورہ میں معاوضے کی عدم ادائیگی پر مزدور میونسپل کارپوریشن آفس کے سامنے سراپا احتجاج بن گئے

شیخوپورہ (نیوز رپورٹر) شیخوپورہ میں معاوضے کی عدم ادائیگی پر مزدور میونسپل کارپوریشن آفس کے سامنے سراپا احتجاج بن گئے مظاہرین نے ضلعی انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے لاہور روڈ بلاک کردی جس سے شہریوں کو آمد و رفعت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا عید الاضحیٰ پر 3 دن بھوکے پیاسے کام کیا کسی نے سخت گرمی میں پانی تک نہ پوچھا دیہاڑی دار مزدوروں کا شکوہ (بقیہ نمبر 46)

ڈیرہ میں قیام امن' کرنل احمد عمر نے چوہدری شاہد راج کو شیلڈ سے نواز دیا

چوہدری شاہد راج کو ڈیرہ میں قیام امن کے حوالے سے شیلڈ سے نوازا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان (خصوصی رپورٹر) پاک فوج کے کرنل احمد عمر نے ڈیرہ قلع اقبال گڑھ میں قیام امن کے حوالے سے ڈی آر سی ڈیرہ کے ممبر چوہدری شاہد راج کو ڈیرہ میں قیام امن کے حوالے سے شیلڈ سے نوازا گیا اس موقع پر کرنل احمد عمر نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے قیام امن کیلئے جہاں بہت سے لوگ سرگرم عمل رہے ہیں اور ہیں وہاں ممبر ڈی آر سی چوہدری شاہد راج بھی قیام امن کیلئے پیش پیش رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ڈیرہ پھلاں دا سہرا کو دوبارہ بنانے کیلئے سیکورٹی اداروں اور مقامی تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور مقامی سیاسی ورکرز نے ہمیشہ ڈیرہ کے امن کیلئے ڈیرہ کی امن کمیٹی کو کامیاب (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی: ڈیرہ اسماعیل خان: سیکیورٹی فورسز کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں 3 دہشتگرد ہلاک

چمن: سب جیل سے 17 قیدیوں کے فرار کے بعد نیا عملہ تعینات

بیرکس کے چاروں اطراف لگے حفاظتی جنگلہ کئی بار قیدی دھکا دے کر گرا چکے ہیں

چمن (جنرل رپورٹر) چمن میں سب جیل سے سنگین جرائم میں ملوث 17 قیدیوں کے فرار ہونے کے بعد جیل عملے کی تبدیلی کے بعد نیا عملہ تعینات کردیا گیا۔ جیل انتظامیہ کا کہنا ہے کہ تقریبا ایک صدی قدیم جیل کی تعمیر کے بعد مرمت نہیں ہوئی، بیرکس کے چاروں اطراف لگے حفاظتی جنگلہ کئی بار قیدی دھکا دے کر گرا چکے ہیں۔ انتظامیہ نے کہا ہے کہ جیل کے اندر سی سی ٹی وی کیمرے بھی (بقیہ نمبر 43)

ایڈیشنل سیشن جج جتوئی مبین راجہ انتہائی ایماندار اور میرٹ پسند جج تھے۔ رانا امجد علی امجد ایڈووکیٹ

مظفرگڑھ (اسپیشل رپورٹر) ایڈیشنل سیشن جج جتوئی ضلع مظفرگڑھ مبین (بقیہ نمبر 44)

ملکی اداروں کیخلاف فیٹف کو خط لکھنے والے افراد کو قانون کی گرفت میں لانیکا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملکی اداروں کے خلاف فنانشل ایکشن ٹاسک فورس (فیٹف) کو خط لکھنے پر وفاقی حکومت نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا، نجی ٹی وی کے مطابق جرائم پیشہ افراد نے فیٹف، عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور ورلڈ بینک کو ملکی اداروں بالخصوص ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کے خلاف (بقیہ نمبر 48)

کراچی سمیت ملک بھر میں آج سے مون سون بارشوں کی پیشگوئی

شہروں میں اربن فلڈنگ اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

کراچی (جنرل رپورٹر) گرمی کے ستائے عوام کے لئے اچھی خبر یہ ہے کہ محکمہ موسمیات نے آج سے برسات کی پیش گوئی کر دی ہے، جس سے ملک میں جاری گرمی کی لہر میں کچھ دن کمی آئے گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب سے مرطوب ہوائیں ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہورہی ہیں، جس کے باعث 3 جولائی سے 8 جولائی کے دوران ملک بھر میں مون سون بارشوں کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آج سے جڑواں شہروں راولپنڈی اسلام آباد سمیت پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبرپختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بیشتر مقامات پر بادل برسیں گے، اور کہیں کہیں موسلادھار بارش اور ژالہ باری بھی متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج سے راولپنڈی، اسلام آباد، مری اور گلیات سمیت گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے، جب کہ 7 اور 8 جولائی کو سکھر، جیکب آباد، گھوٹکی، شہید بینظیر آباد، مٹھی، ٹھٹھہ اور کراچی سمیت مختلف مقامات پر گرج چمک کے (بقیہ نمبر 49)

لاہور: حجاج کرام کی واپسی شروع، پی آئی اے نے 900 سے زائد عازمین کو وطن واپس پہنچا دیا

حجاج کرام کی واپسی شروع، PIA نے 900 سے زائد عازمین کو وطن واپس پہنچا دیا

پی آئی اے کی بعد از حج پروازیں کراچی، اسلام آباد، لاہور، ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ اور پشاور براہ راست پہنچیں گی

پی آئی اے انتظامیہ کی جانب سے پوری کوشش کی جارہی ہے کہ بعد از حج پروازوں کی بروقت روانگی کا تناسب 90 فیصد سے زائد رکھا جائے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پی آئی اے نے عازمین حج کی واپسی کیلئے آپریشن شروع کر دیا، حجاج کرام کی پہلی پرواز پی کے 760 کے ذریعے 329 حجاج لاہور پہنچ گئے۔ لاہور ائیر پورٹ پر پی آئی اے کے سٹیشن منیجر علی عباس شاہ، حج منیجر میاں سہیل محمود نے حجاج کرام کا استقبال کیا، واپس آنے والے حجاج کرام کو پی آئی اے کی جانب سے پھولوں کے ہار پہنائے گئے، حجاج کرام نے جدہ حج ٹرمینل پر پی آئی اے کے عملے اور ادارے کی خدمات کو سراہا، قومی ائیر لائن کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولتوں پر بھی اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ پی آئی اے کے بعد از حج آپریشن کے پہلے روز اسلام آباد، کراچی اور لاہور کیلئے پہلی پروازوں کے ذریعے 900 سے زائد حجاج کی وطن آمد ہوئی، پی آئی اے 268 پروازوں کے ذریعے 61، 467 حجاج کو وطن واپس پہنچائے گا، بعد از حج پروازوں کے ذریعے سے تقریبا 41 ہزار سرکاری، 19 ہزار پرائیویٹ حجاج اور 600 خدام مدینہ منورہ اور جدہ سے وطن واپس لائے (بقیہ نمبر 57)

حافظ نعیم نے میئر کا الیکشن ہارنے کے بعد طوطا فال نکالنا شروع کر دیا: ناصر حسین

کراچی (خصوصی رپورٹر) وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ حافظ نعیم الرحمان نے میئر کا انتخاب ہارنے کے بعد طوطا فال نکالنے کا کام شروع کر دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ طوطا (بقیہ نمبر 58)

دریائے ستلج میں 6 دوست نہاتے ہوئے ڈوب گئے

ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک لڑکا تا حال لاپتہ ہے جس کی تلاش جاری ہے

ہم دریائے ستلج پر سیر تفریح کیلئے آئے تھے، گرمی زیادہ ہونے کی وجہ سے نہانے لگے تھے

الہ آباد (سٹاف رپورٹر) کنگن پور کے مقام پر دریائے ستلج میں 6 دوست نہاتے ہوئے ڈوب گئے، ریسکیو ٹیم نے بروقت آپریشن کر کے 5 کو زندہ بچا لیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک لڑکا تا حال لاپتہ ہے جس کی تلاش جاری ہے جبکہ زندہ بچ جانے والے 5 لڑکوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ زندہ بچنے والے افراد کا کہنا ہے ہم دریائے ستلج پر سیر تفریح کیلئے آئے تھے، گرمی زیادہ ہونے کی وجہ سے نہانے لگے تھے، ہمیں ڈوبتے دیکھ کر راہ گیر نے ریسکیو کو کال کی جنہوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہمیں ڈوبنے سے بچا لیا۔ دریائے ستلج سے زندہ نکالے جانے والے 5 افراد کی شناخت اسلم، اقبال، طلحہ، عمر اور امجد کے نام سے ہوئی ہے۔ کنگن پور کے مقام پر دریائے ستلج میں 6 دوست نہاتے ہوئے ڈوب گئے، ریسکیو ٹیم نے بروقت آپریشن کر کے 5 کو زندہ بچا لیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک لڑکا تا حال لاپتہ ہے جس کی تلاش جاری ہے جبکہ زندہ بچ جانے والے 5 لڑکوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ زندہ بچنے والے افراد کا کہنا ہے ہم دریائے ستلج پر سیر تفریح کیلئے آئے تھے، گرمی زیادہ ہونے کی وجہ سے نہانے لگے تھے، ہمیں ڈوبتے دیکھ کر راہ گیر نے ریسکیو کو کال کی جنہوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ہمیں ڈوبنے (بقیہ نمبر 56)

بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بنیں گے فیصل کریم کنڈی

وزیر مملکت برائے تخفیف غربت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بنیں گے

حافظ نعیم کی قسمت میں میئر کراچی بننا بھی نہیں ہے، جماعت اسلامی کو سیاست کی آڑ میں شر اور فساد پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے

اسلام آباد (خبر نگار) پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ سراج الحق اور حافظ نعیم اپنے بزرگوں کی طرف سے قیام پاکستان کی مخالفت پر معافی مانگیں۔ حافظ نعیم الرحمان کی پریس کانفرنس پر رد عمل دیتے ہوئے وزیر مملکت برائے تخفیف غربت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بنیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا ہے کہ حافظ نعیم کی قسمت میں میئر کراچی بننا بھی نہیں ہے، جماعت اسلامی کو سیاست کی آڑ میں شر اور فساد پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ سراج الحق اور حافظ نعیم اپنے بزرگوں کی طرف سے قیام پاکستان کی مخالفت پر معافی مانگیں۔ حافظ نعیم الرحمان کی پریس کانفرنس پر رد عمل دیتے ہوئے وزیر مملکت برائے تخفیف غربت فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلاول بھٹو عوام کے ووٹ کی طاقت سے وزیر اعظم بنیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا ہے کہ حافظ نعیم کی قسمت میں میئر کراچی بننا بھی نہیں ہے، جماعت اسلامی کو سیاست کی آڑ میں شر اور فساد پھیلانے کی اجازت نہیں دیں گے۔ پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ سراج الحق اور حافظ نعیم اپنے بزرگوں کی طرف سے قیام پاکستان کی مخالفت پر معافی مانگیں۔ حافظ نعیم الرحمان کی پریس کانفرنس پر رد عمل دیتے ہوئے وزیر مملکت (بقیہ نمبر 51)

شکارپور میں دو گروپوں کے مابین مسلح تصادم، 4 افراد جاں بحق

پولیس نے حالات کو کنٹرول میں لینے کے لئے علاقے میں چوکی قائم کر دی

ریسکیو ذرائع کے مطابق جاں بحق افراد میں عارف، غفور ناریجو اور صالح ناریجو شامل ہیں

شکارپور (کرائم رپورٹر) ناریجا اور خروس برادری کے مابین ہونے والے فائرنگ کے تبادلے میں 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ شکارپور میں دو میں گروپوں کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ مدیجی تھانے کی حدود میں پیش آیا جہاں مویشی چوری کے تنازع پر ناریجا اور خروس برادری میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، اور 3 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے، جب کہ متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ زخمی افراد کو فوری طور پر مقامی اسپتال میں پہنچایا گیا جبکہ شدید زخمی ایک فرد کو سکھر منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کا تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا (بقیہ نمبر 52)

پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا 88 واں یوم پیدائش 6 جولائی کو منایا جائے گا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاک فضائیہ کے ہیرو ایم ایم عالم کا 88 واں یوم پیدائش 6 جولائی کو منایا جائے گا اس سلسلہ میں جہانیاں سمیت مختلف شہروں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ ایم ایم عالم کا اصل نام محمد محمود عالم تھا وہ 6 جولائی 1935 کو کلکتہ میں پیدا ہوئے ایم ایم عالم 1952 میں پاکستان ایئر فورس میں شامل ہوئے (بقیہ نمبر 54)

استحکام پاکستان پارٹی نے باضابطہ سیاسی سرگرمیاں شروع کر دیں

لاہور کی اہم شاہراہوں پر استحکام پاکستان پارٹی کے پرچم اور بینرز آویزاں کر دیئے گئے

لاہور (نیوز رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی نے باضابطہ سیاسی سرگرمیاں شروع کر دی ہیں، لاہور کی اہم شاہراہوں پر استحکام پاکستان پارٹی کے پرچم اور بینرز آویزاں کر دیئے گئے۔ (بقیہ نمبر 53)

الہ آباد: دریائے ستلج میں 6 دوست نہاتے ہوئے ڈوب گئے

وارث خان پولیس کی موثر کارروائی، ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) وارث خان پولیس کی موثر کارروائی، ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ڈکیتی (بقیہ نمبر 55)

راول ڈویژن پولیس کی کی کارروائی، ون ویلنگ کرنے والے 10 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راول ڈویژن پولیس کی کی کارروائی، ون ویلنگ (بقیہ نمبر 61)

ملک بھر میں 63 لاکھ 60 ہزار جانوروں کی قربانی کی گئی

20 لاکھ بچھڑے، 35 لاکھ بکرے، 8 لاکھ چھترے اور 60 ہزار اونٹ شامل ہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) عیدالاضحیٰ پر قربان کیے گئے جانوروں کے اعداد و شمار جاری کردیے، ملک بھر میں 63 لاکھ 60 ہزار جانوروں کی قربانی کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق مہنگائی کے باعث ملک میں گزشتہ سال کی نسبت میں 28 سے 30 فیصد جانور کم قربان کیے گئے۔ پاکستان ٹینریز ایسوسی ایشن کے مطابق عید پر قربان کیے گئے جانوروں میں 20 لاکھ بچھڑے، 35 لاکھ بکرے، 8 لاکھ چھترے اور 60 ہزار اونٹ شامل ہیں۔ مہنگائی کے باعث ملک میں گزشتہ سال کی نسبت میں 28 سے 30 فیصد جانور کم قربان کیے گئے، گرمی اور لوڈ شیڈنگ کے باعث جانوروں کی 35 فیصد کھالیں خراب ہونے کا تخمینہ ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق عید پر قربان کیے جانوروں کی کل مالیت 376 ارب روپے بنتی ہے۔ پاکستان ٹینریز ایسوسی ایشن کے مطابق عید پر قربان کیے گئے جانوروں میں 20 لاکھ بچھڑے، 35 لاکھ بکرے، 8 لاکھ چھترے اور 60 ہزار اونٹ شامل ہیں۔ مہنگائی کے باعث ملک میں گزشتہ سال کی نسبت میں 28 (بقیہ نمبر 59)

پاکستان میں آم کی سالانہ پیداوار 20 لاکھ میٹرک ٹن ہے، محکمہ زراعت پنجاب

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) آم کی پیداوار کے لحاظ سے پاکستان دنیا کا ساتواں بڑا ملک ہے جہاں اس کی سالانہ پیداوار 20 لاکھ میٹرک ٹن ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان کے مطابق صوبہ پنجاب میں آم کا زیرکاشت رقبہ تقریبا 1 لاکھ 11 ہزار 432 ایکڑ ہے۔ پاکستان میں آم کی مجموعی پیداوار میں سے صرف صوبہ پنجاب میں 13 لاکھ میٹرک (بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں، عبادت کے لیے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، سی پی او سید خالد ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی
سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ
روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

پاکستان اور آئی ایم ایف معاہدہ کی خبر یوتھیوں پر بجلی بن کر گری ہے: رانا طارق

سندر شریف (نیوز رپورٹر) پاکستان اور آئی ایم ایف معاہدہ کی خبر یوتھیوں پر بجلی بن کر گری ہے، رانا طارق، پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان 3 ارب ڈالر کا سٹاف لیول معاہدہ وفاقی حکومت کی کامیابی کو منہ بولتا ثبوت ہے، پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء سابق صوبائی وزیر (ر (بقیہ نمبر 64)

ڈیری مافیا نے کراچی میں دودھ کی قیمت میں 20 روپے فی لیٹر اضافہ کر دیا

کراچی (اسپیشل رپورٹر) ڈیری مافیا نے کراچی میں دودھ کی قیمت میں 20 روپے کا غیر قانونی اضافہ کر دیا، شہر میں دودھ 230 روپے فی لیٹر فروخت ہونے لگا۔ شہری انتظامیہ اور سندھ حکومت دودھ کی سرکاری قیمت 180 روپے پر عمل درآمد میں ناکام ہوگئے۔ دودھ کی سرکار (بقیہ نمبر 65)

اسلام آباد: سپیکر اور ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت

جعلی پیر' نے بکرے کا خون پلا کر نوجوان کی جان لے لی

بھوپے پیر نے بھائی کو جن نکالنے کے بہانے تشدد کا نشانہ بنایا، مقتول کا بھائی

مقتول کے بھائی نے اعلیٰ افسران سے فراڈی بھوپے پیر کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

ٹنڈو آدم (یو این پی) ٹنڈو آدم کے قریب جعلی پیر نے بیمار شخص کو تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد بکرے کا خون پلادیا، بکرے کا خون پی کر نوجوان تڑپ تڑپ کر فوت ہوگیا۔ تعلقہ تھانہ ٹنڈو آدم کی حدود گوٹھ مانک تھیم کے رہائشی نوجوان عاشق علی ولد علی گل تھیم کی طبیعت خراب ہونے پر اس کے گھر والے دعا کے لئے ٹنڈو آدم کے قریب درگاہ ہاشم شاہ کے گدی نشین پیر شاہ کے پاس لے گئے، جو خود کو بھوپا بھی کہلاتا ہے۔ بھوپے پیر نے کہا کہ نوجوان عاشق علی پر جن ہے اور جن خون پیے گا، فوری بکرا لے آؤ۔ بھوپے پیر نے بکرا کٹوا کر اس کا خون نوجوان عاشق علی کو پلا دیا۔ بکرے کا خون پینے کے بعد نوجوان کی طبیعت (بقیہ نمبر 66)

12 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) صدرواہ پولیس کی کارروائی، 12 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صدرواہ پولیس کو متاثرہ لڑکے کے والد نے درخواست دی کہ ملزم فیضان نے میرے بیٹے کو گھر لے جا کر زیادتی کی، صدرواہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کے والد کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے (بقیہ نمبر 67)

نبی پاک ﷺ کے اخلاقیات اپنائیں تاکہ ہمارے ہاتھ اور زبان سے دوسرے محفوظ رہیں، آیت شیخ

بڑوں کی عزت، چھوٹوں سے پیار کریں، خوبصورت آواز کی مالک ابھرتی ہوئی گلوکارہ فنکار آیت شیخ کا دوران عید قرباں قوم کو پیغام

وہ ہاکی، کرکٹ، ریسلنگ کے علاوہ پاکستان میں تیزی سے مقبول ہو رہے کھیل بیس بال کی فین ہیں، پرویز احمد شیخ سے گفتگو

کوٹری / کراچی (عائشہ ارم) خوبصورت آواز کی مالک ابھرتی ہوئی گلوکارہ فنکار آیت شیخ نے عید کے موقع پر پاکستان فیڈریشن بیس بال کے میڈیا مینیجر پرویز احمد شیخ اور سیکریٹری وومین ونگ عائشہ ارم سے گفتگو میں قوم کو پیغام دیا ہے کہ نبی پاک ﷺ کے اخلاقیات اپنائیں تاکہ ہمارے ہاتھ اور زبان سے دوسرے محفوظ رہیں اور ہم بہترین مسمان قرار پائیں اور امن قائم ہو۔ بڑوں کی عزت، چھوٹوں سے پیار کریں۔ انکا کہنا ہے کہ وہ عید کی بھرپور تیاری کرتی ہیں اور تمام تر سیلیکشن بھی خود کرتی ہیں تاہم شاپنگ اپنی مما کے ساتھ کرتی ہیں۔ شاپنگ اور تیاری کافی مشکل کام ہے اور اس میں بہت سا وقت لگ جاتا ہے تب کہیں جا کر عید منانے کے لیئے تیار ہوتی ہوں۔ عید کے دن ملنے والوں کی آمد کے باعث مصروف رہتی ہوں کوکنگ نہیں کرتی تاہم مزیدار کھانے بڑے شوق سے کھاتی ہوں اور اپنوں کے ساتھ عید کا لطف دوبالا ہوجاتا ہے۔ شوبز کے ساتھیوں اور دوستوں کے علاوہ عید پر عزیز و اقربا ملنے آتے ہیں کیونکہ سال بھر مصروف رہتی ہوں اور وقت نہیں مل پاتا اس لیئے عید پر وقت دینا پڑتا ہے۔ آیت شیخ نے اپنا پہلا گانا آرجی (بقیہ نمبر 62)